www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور ٹھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی

ABC Certified

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 12 | بدھ 23 ستمبر 2026ء بمطابق 10 ربیع الثانی 1448ھ | شمارہ 56 | قیمت 10 روپے

میں بڑا فیصلہ کرنے جا رہا ہوں کہ ایران کو تباہ کروں یا نہیں دوبارہ پنپنے دوں، ٹرمپ

امریکا آگے بڑھ رہا ہے اور امریکا کا مستقبل پہلے سے بہت زیادہ روشن ہے، ایران مشرق وسطی میں بدمعاشی کرتا تھا لیکن اب نہیں کرسکتا

ایران کی دہشتگرد رجیم بہت برے طرز عمل کا مظاہرہ کر رہی ہے، امریکا آج ماضی کے مقابلے میں بہت زیادہ طاقتور ہے، امریکی صدر

واشنگٹن (ویب ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ بڑا فیصلہ کرنے جا رہے ہیں، انہیں فیصلہ کرنا ہے کہ وہ ایران کو تباہ کردیں یا انہیں دوبارہ پنپنے دیں۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ امریکا آج ماضی کے مقابلے میں بہت زیادہ طاقتور ہے، امریکا آگے بڑھ رہا ہے اور امریکا کا مستقبل پہلے سے بہت زیادہ روشن ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج امریکا میں دنیا کے کسی بھی ملک سے زیادہ سرمایہ کاری ہو رہی ہے، امریکی فوج دنیا کی طاقتور ترین فوج ہے، آج امریکی سرحدیں پہلے کے مقابلے میں زیادہ محفوظ ہیں، امریکا میں آج 125 سال کے مقابلے میں قتل کی وارداتوں کی شرح کم ترین ہے۔ ٹرمپ نے کہا کہ لوگوں نے امن کی باتیں کیں، میں نے امن کا قیام ممکن بنایا، امریکا میں غربت کی شرح ریکارڈ سطح تک نیچے آگئی ہے۔ امریکی صدر نے مزید کہا کہ ایران مشرق وسطی میں بدمعاشی کرتا تھا لیکن اب نہیں کرسکتا، ایران کسی صورت ایٹمی ہتھیار نہیں رکھ سکتا، ایران دنیا میں دہشتگردی کو پروموٹ کر رہا تھا۔ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ تہران سے معاہدہ کرنا چاہا لیکن ایران نے انکار کردیا، ایران کی دہشتگرد رجیم بہت برے طرز عمل کا مظاہرہ کر رہی ہے، ایران کا برا طرز عمل اس لیے نہیں کہ وہ طاقتور ہیں بلکہ اس لیے کہ وہ کمزور ہوگئے ہیں۔ امریکی صدر کا کہنا تھا کہ ایران کی معیشت تباہ ہوچکی اور اب وہاں مہنگائی 300 فیصد ہوچکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انہیں یقین ہے کہ مڈٹرم الیکشن کے بعد ایران سے ڈیل ہوجائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ایران دیکھنا

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 26

فیلڈ مارشل کی فوجی دستوں کو ہمہ وقت چوکس رہنے کی ہدایت

دہشتگردی کو شکست دینے کیلئے پرعزم

فیلڈ مارشل کا کور ہیڈکوارٹرز پشاور کا دورہ، سرحدی انتظامی اقدامات اور صوبے میں تعینات فارمیشنز کی آپریشنل تیاریوں سے آگاہ کیا گیا، خیبر پختونخوا کی سیکیورٹی صورتحال پر جامع بریفنگ دی گئی، شہداء کو خراج عقیدت

مسلح افواج قوم کی غیر متزلزل حمایت سے دہشت گردی کو شکست دینے کے عزم پر قائم ہیں، ملک بھر میں دیرپا امن اور استحکام کے قیام کے لیے مسلح افواج پرعزم ہیں، شہداء کی عظیم قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جائیگا، سید عاصم منیر

راولپنڈی/پشاور (ویب ڈیسک) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر نے فوجی دستوں کو ہمہ وقت چوکس رہنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مسلح افواج ملک بھر میں دیرپا امن اور استحکام کے قیام کے لیے پرعزم ہیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کور ہیڈکوارٹرز پشاور کا دورہ کیا، انہیں خیبر پختونخوا کی سیکیورٹی صورتحال پر جامع بریفنگ دی گئی، خیبر پختونخوا میں جاری انسداد دہشتگردی آپریشنز اور سرحدی انتظام بارے تفصیلات سے آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر فیلڈ مارشل کو سرحدی انتظامی اقدامات اور صوبے میں تعینات فارمیشنز کی آپریشنل تیاریوں سے آگاہ کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے افسران اور جوانوں کے بلند حوصلے، تیاری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کی اور

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 37

اب ایسا روکیں گے دوبارہ کوئی آنیکا سوچے گا بھی نہیں، طلال چوہدری

آئین میں گورنر راج کا آپشن موجود ہے مگر ہم کوئی کام جلد بازی میں نہیں کرنا چاہتے

ہائیکورٹ کے فیصلے کی خلاف ورزی کرنے والا توہین عدالت کا مرتکب ہوگا، وزیر مملکت برائے داخلہ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ اسلام آباد پر اب چڑھائی ہوئی تو ایسا روکیں گے کہ آئندہ کوئی آنے کا سوچے گا بھی نہیں، آئین میں گورنر راج کا آپشن موجود ہے مگر ہم کوئی کام جلد بازی میں نہیں کرنا چاہتے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ حکومتی وسائل یا طاقت کی بنیاد پر کسی شہر پر حملہ نہیں ہوسکتا، اسلام آباد پر حملہ کیا گیا تو

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 31

وفاقی وزیر برائے اطلاعات و نشریات، عطاء تارڑ پریس سے گفتگو کر رہے ہیں

فیلڈ مارشل سے فرانسیسی سیکرٹری جنرل برائے دفاع و قومی سلامتی کی ملاقات

ملاقات میں علاقائی سلامتی اور دفاع و سیکیورٹی کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون پر بھی بات چیت کی گئی

مسٹر نکولس روشے نے علاقائی امن و استحکام کے فروغ کے لیے پاکستان کی کوششوں کا اعتراف کیا

راولپنڈی (ویب ڈیسک) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فرانس کے سیکرٹری جنرل برائے دفاع و قومی سلامتی کی پاکستان میں فرانس کے سفیر کے ہمراہ جی ایچ کیو راولپنڈی آمد ہوئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فرانس کے سیکرٹری جنرل برائے دفاع و قومی سلامتی اور فرانس کے سفیر کی فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات ہوئی۔ پاک فوج

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 32

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کور ہیڈکوارٹرز پشاور کے دورے کے دوران آپریشنل بریفنگ لے رہے ہیں

جماعت اسلامی کا وزیراعظم کی درخواست پر لانگ مارچ موخر کرنے کا اعلان

ہماری شٹر ڈاؤن ہڑتال کی وجہ سے حکومت پر دباؤ پڑا، حکومت کو پیٹرول قیمتیں کم کرنے کے لیے مختلف تجاویز دیں، امیر جماعت اسلامی

وزیراعظم تشریف لائیں تاکہ بات چیت شروع کی جاسکے تب تک ہمارے لانگ مارچ کا ملتان میں پڑاو موجود رہے گا، پریس کانفرنس

ملتان (ویب ڈیسک) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے وزیراعظم کی درخواست پر لانگ مارچ کو عارضی طور پر ملتان میں روکنے کا فیصلہ کرلیا۔ ملتان میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ کل وزیراعظم کا فون آیا تھا اور انہوں نے ہم سے لانگ مارچ ملتوی کرنے کی درخواست کی تھی، وزیراعظم کو بتایا کہ لوگ شدید مشکلات میں ہیں۔ وزیراعظم نے کہا ہے کہ وہ جیسے ہی پاکستان پہنچیں گے تو ہمارے ساتھ ملاقات کرکے عوام کو ریلیف دینے کیلئے فیصلے کریں گے۔ حافظ نعیم نے کہا کہ میں نے وزیراعظم کو مشاورت کے بعد جواب دینے کا کہا تھا، مشاورت کے بعد ہم نے طے کیا ہے کہ ہم اپنے احتجاج سے دستبردار نہیں ہوں گے نہ لانگ مارچ سے دستبردار ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ صرف اتنا موقع دینا چاہتے ہیں کہ ہم وزیراعظم کی بات سنیں گے، ہمارے کارکن مسلسل میدان میں موجود رہیں گے، ہمارا ایجنڈا افسانہیں عوام کو ریلیف دینا ہے۔ طویل مشاورت کے بعد ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ وزیراعظم جب پاکستان آئیں گے تو ان سے بات ضرور کریں گے لیکن اپنی تحریک سے دستبردار نہیں ہوں گے، حکومت سے تحریری یقین دہانی لیں گے۔ حافظ نعیم نے کہا کہ وزیراعظم تشریف لائیں تاکہ بات چیت شروع کی جاسکے تب تک ہمارے لانگ مارچ کا ملتان میں پڑاو موجود رہے گا۔ یہ حکومت کے پاس بات چیت کیلئے آخری چانس ہوگا اور انہیں لیوی کا بھتہ ہر

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 30

پنجاب میں غنڈا گردی، مافیاز کے لیے کوئی جگہ نہیں ہوگی، مریم نواز

مریم نواز کی زیرصدارت صوبائی ایپکس کمیٹی کا اجلاس، امن و امان کی مجموعی صورت حال اور سیکیورٹی امور پر تفصیلی بریفنگ دی گئی

لاہور (ویب ڈیسک) پنجاب کی وزیراعلی مریم نواز نے صوبے میں سیکیورٹی کے حوالے سے بھرپور اقدامات کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پنجاب میں غنڈا گردی اور قبضہ مافیا نہیں پل سکتا ہے اور صوبے میں مافیاز کے لیے کوئی جگہ نہیں ہوگی۔ لاہور میں وزیراعلی

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 45

سردار ایاز صادق کی پارلیمنٹ ہاؤس میں پیپلز مجلس کے اسپیکر عبدالرحیم عبداللہ سے ملاقات

پی ٹی آئی نے مفاہمت کا راستہ کبھی بند نہیں کیا، بیرسٹر گوہر

موجودہ صورتحال سے ریاست اور جمہوریت کو نقصان ہوگا، عوام کے راستے میں رکاوٹیں نہیں ہونی چاہئیں

اسلام آباد (ویب ڈیسک) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی نے مفاہمت کا راستہ کبھی بند نہیں کیا، رابطے آج بھی ہیں۔ اسلام آباد میں پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ رابطوں اور مذاکرات سے کبھی

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 6

کراچی پورٹ کی عالمی شپنگ رابطہ انڈیکس میں نمایاں بہتری

اسکور 309 سے بڑھ کر 343 ہوگیا، پاکستان عالمی شپنگ کنیکٹیویٹی رینکنگ میں 34 ویں نمبر پر آگیا

عالمی منڈیوں تک رسائی، تجارتی سرگرمیوں اور برآمدی مواقع میں اضافے کی راہ بھی ہموار ہونیکی توقع

کراچی (ویب ڈیسک) کراچی پورٹ کا پورٹ لائنر شپنگ کنیکٹیویٹی انڈیکس اسکور 2026 کی دوسری سہ ماہی میں بڑھ کر 343 کی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا۔ رپورٹ کے مطابق کراچی پورٹ کا انڈیکس اسکور 309 سے بڑھ کر 343 ہوگیا، جبکہ پاکستان عالمی شپنگ کنیکٹیویٹی رینکنگ میں 34 ویں نمبر پر آگیا ہے۔ پورٹ لائنر شپنگ کنیکٹیویٹی انڈیکس دنیا بھر کی تقریبا 900 بندرگاہوں کے اعداد و شمار کی بنیاد پر عالمی بحری رابطوں کا جائزہ لیتا ہے۔ کراچی پورٹ کی بڑھتی ہوئی رابطہ کاری سے پاکستان کی عالمی شپنگ نیٹ ورک میں پوزیشن مستحکم ہونے کے ساتھ عالمی منڈیوں تک رسائی، تجارتی سرگرمیوں اور برآمدی مواقع میں اضافے کی راہ بھی ہموار ہونے کی توقع

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 36

کابینہ کمیٹی نے متعدد قانونی ترامیم کے مسودات کی منظوری دیدی

کابینہ ڈویژن میں وفاقی وزیر برائے قانون وانصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ کی زیرصدارت منعقد ہوا

پیمرا سے متعلق قواعد میں ترامیم کا مسودہ بھی پیش، معاملے پر آئندہ اجلاس میں غور کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر برائے قانون وانصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ کی سربراہی میں قائم کابینہ کمیٹی برائے تصفیہ قانون سازی امور نے پاکستان آئل ریفائننگ، بلینڈنگ، ٹرانسپورٹیشن، اسٹوریج اینڈ مارکیٹنگ رولز 2016 میں ترمیم، اوگرا آرڈیننس 2002 کے سیکشن 30 میں ترمیم، وفاقی پبلک سروس کمیشن آرڈیننس 1977 میں ترمیم اور پاکستان میرین اکیڈمی کو ڈگری دینے والا ادارہ بنانے سمیت متعدد قانونی تجاویز و مسودات کی منظوری دے دی۔ کابینہ کمیٹی برائے تصفیہ قانون سازی امور کا اجلاس منگل کو یہاں کابینہ ڈویژن میں وفاقی وزیر برائے قانون وانصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ کی زیرصدارت منعقد ہوا، جس میں مختلف قانونی و انتظامی امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں متعلقہ وزارتوں، محکموں اور ڈویژنز کے نمائندگان نے شرکت کی۔ کمیٹی نے پاکستان آئل

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 34

وزارت خزانہ نے فنڈز کے اجرا کو مالی گنجائش سے مشروط کردیا

کراچی (ویب ڈیسک) وزارت خزانہ نے فنڈز کے اجرا کو دستیاب مالی گنجائش سے مشروط کرتے ہوئے ضمنی گرانٹس اور فنڈز کی دوبارہ تخصیص کا طریقہ کار مزید سخت کردیا۔ وزارت خزانہ کی جانب سے جاری نئی مالی ہدایات کے مطابق فنڈز کی دوبارہ تخصیص اور اضافی رقوم کی فراہمی کیلئے نئے قواعد نافذ کیے گئے ہیں۔ 31 مئی کی

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 28

بیرسٹر گوہر کی محمود اچکزئی سے ملاقات، 27 ستمبر کے لانگ مارچ پر مشاورت

اسلام آباد (ویب ڈیسک) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے قائد حزب اختلاف قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال، اپوزیشن جماعتوں کے باہمی تعاون اور آئندہ کے سیاسی لائحہ عمل پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔ دونوں رہنماؤں نے علیمہ خان، عظمی خان اور نورین نیازی کی

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 35

کوئٹہ: ضلع نوشکی میں پولیو ٹیم پر حملہ، دو پولیس اہلکار جاں بحق

حملہ آور فائرنگ کے بعد سرکاری اسلحہ بھی اپنے ساتھ لے کر فرار، پولیس نے آپریشن شروع کردیا

کوئٹہ (ویب ڈیسک) ضلع نوشکی کے علاقے کلی جمال آباد میں پولیو مہم کی ٹیم کی سیکیورٹی پر مامور پولیس اہلکاروں پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں دو پولیس اہلکار محمد یاسر اور عبدالرؤف جاں بحق ہوگئے، حملہ آور فائرنگ کے بعد شہدا کا سرکاری اسلحہ بھی اپنے ساتھ لے کر فرار ہوگئے، واقعے کے بعد پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے کر ملزمان کی تلاش

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 29

پاکستان اور سعودیہ میں سرکاری و سفارتی پاسپورٹ پر ویزا شرائط ختم

اسحاق ڈار کی سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان سے نیویارک میں ملاقات، معاہدے پر دستخط

ملاقات میں اعلی سطح کے رابطوں اور دوطرفہ امور پر قریبی تعاون جاری رکھنے کی اہمیت پر بھی زور دیا گیا

نیویارک (ویب ڈیسک) پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان سفارتی و سرکاری پاسپورٹ رکھنے والوں کیلئے ویزا شرائط ختم کرنے کا معاہدہ طے پا گیا ہے۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان سے نیویارک میں ملاقات ہوئی، اس موقع پر دونوں ملکوں نے معاہدے پر دستخط کیے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ باہمی مفاد میں برادر ملکوں کی شراکت داری بڑھے گی، مقصد اعلی سطح روابط اور ادارہ جاتی تبادلوں کو مزید سہولت فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ویزا شرائط کے خاتمے سے دوطرفہ سرکاری سطح پر آمد و رفت آسان ہوگی۔ ملاقات میں اعلی سطح

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 38

کراچی میں کے۔الیکٹرک گرڈ اسٹیشن میں آگ لگنے سے کے بعد شعلے نکل رہے ہیں

پی ٹی آئی وہ جماعت ہے جو کبھی پرامن نہیں رہ سکتی، وفاقی وزیر اطلاعات

ٹمبر، ٹوبیکو، مائنز اینڈ منرلز اور گولڈ مائننگ کے ٹھیکے کن لوگوں کو دیئے گئے؟ کیا صوبائی حکومت ٹیکس کا پیسہ اکٹھا نہیں کرسکتی؟

خیبر پختونخوا میں ساڑھے بارہ سال سے ایک حکومت موجود، یہاں ترقی کا فقدان ہے، توجہ دینے کی ضرورت ہے، عطاء تارڑ

پشاور (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں ساڑھے بارہ سال سے ایک حکومت موجود، یہاں ترقی کا فقدان ہے، توجہ دینے کی ضرورت ہے، ٹمبر، ٹوبیکو، مائنز اینڈ منرلز اور گولڈ مائننگ کے ٹھیکے کن لوگوں کو دیئے گئے؟ کیا صوبائی حکومت ٹیکس کا پیسہ اکٹھا نہیں کرسکتی؟ خیبر پختونخوا میں سرکاری وسائل عوام کے لئے ہیں، احتجاجوں کے لئے نہیں، ترقی ان کا مینڈیٹ نہیں، ان کا مینڈیٹ صرف قیدی کو رہا کرنا ہے، بیرسٹر گوہر کے پاس نہ فیصلہ کرنے کا اختیار ہے، نہ اس پر عمل درآمد کرنے کا اختیار ہے، نہیں معلوم فیصلہ سازی کا اختیار کس کے پاس ہے، پی ٹی آئی وہ جماعت ہے جو کبھی پرامن نہیں رہ سکتی، ایک دھرنے سے تاجروں کو 120 ارب روپے کا نقصان ہوتا ہے، سیاستدانوں کو اپنے رویوں میں نرمی لانا ہوگی، اختلاف

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 27

گورنر سندھ سے کمانڈر کراچی کی ملاقات، بحری سلامتی پر تبادلہ خیال

بلیو اکانومی، آبی وسائل کے مؤثر استعمال اور سمندری تجارت و ساحلی ترقی پر گفتگو

کراچی (ویب ڈیسک) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے کمانڈر کراچی وائس ایڈمرل محمد فیصل عباسی نے گورنر ہاؤس میں ملاقات کی، جس میں ملکی بحری سلامتی، بلیو اکانومی اور آبی وسائل کے مؤثر استعمال سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر سندھ نے کہا کہ پاکستان کے وسیع سمندری وسائل ملکی معیشت اور ترقی کیلئے اہم مواقع فراہم کرتے ہیں، بلیو اکانومی کے فروغ سے روزگار، سرمایہ کاری اور معاشی سرگرمیوں کے نئے مواقع پیدا کیے جاسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آبی

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 39

سندھ حکومت اور عالمی ادارہ خوراک کا تعاون بڑھانے پر اتفاق

وزیراعلیٰ سندھ اور عالمی ادارہ خوراک پاکستان کی نمائندہ کے درمیان اعلیٰ سطح کا اجلاس، مختلف شعبوں میں شراکت داری مزید مستحکم کرنے کا فیصلہ

اجلاس میں فریقین نے اسکول کھانوں، غذائیت، موسمیاتی لچک، پیشگی اقدامات اور سماجی تحفظ کے شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے پر اتفاق

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اور عالمی ادارہ خوراک (ڈبلیو ایف پی) پاکستان کی نمائندہ انیتا برش کے درمیان اعلیٰ سطح کا اجلاس ہوا، جس میں سندھ حکومت اور ڈبلیو ایف پی کے جاری تعاون اور مستقبل میں شراکت داری کے مواقع کا جائزہ لیا گیا۔ فریقین نے اسکول کھانوں، غذائیت، موسمیاتی لچک، پیشگی اقدامات اور سماجی تحفظ کے شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے پر اتفاق کیا۔ اجلاس میں صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر عذرا فضل پیچوہو، چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ بورڈ نجم احمد شاہ، سیکریٹری اسکول ایجوکیشن زاہد عباسی، وزیراعلیٰ کے سیکریٹری آصف جمیل، سندھ سوشل پروٹیکشن اتھارٹی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ارشاد سوڈھر، ایس پی ایچ ایس کے سی ای او خالد شیخ، ڈبلیو ایف پی سندھ کے صوبائی دفتر کے سربراہ

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 25

پاکستان اور عمان کی فوجی دستے نیشنل کاؤنٹر ٹیررازم سینٹر، پبی میں مشترکہ مشق "وشاق الجبل-II" کے موقع پر لیا گیا گروپ فوٹو

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
ABC Certified
چیف ایڈیٹر: سراج احمد | مینیجنگ ایڈیٹر: کاشر مصطفیٰ
پبلشر محمد حنیف نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، تھرڈ فلور، پینڈی کرافٹ بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
021-35210448
021-36450295
021-35210448
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

اسلام آباد دھرنے اور وفاقی وزرا کی وارننگ

خزانہ، اطلاعات اور پٹرولیم کے وزرا اور وزیر مملکت محمد اورنگ زیب، عطا تارڑ، علی پرویز ملک اور طلال چودھری نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے اسلام آباد کی جانب لانگ مارچ کے حوالے سے اسلام آباد ہائیکورٹ کے فیصلہ پر عملدرامد کیا جائے گا اور کسی پرتشدد جتھے کو اسلام آباد پر دھاوا بولنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ گذشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے یاد دلایا کہ کاروباری بندش سے روزانہ 120 ارب روپے کا نقصان ہوتا ہے۔ حکومت عدالتی حکم پر بہر صورت عمل کرے گی۔ عطا تارڑ نے بتایا کہ وزیراعظم فیول ریلیف سکیم میں 22 لاکھ افراد رجسٹرڈ ہوئے ہیں جن میں سے 19 لاکھ افراد کو ٹوکن جاری کئے جا چکے ہیں۔ علی پرویز ملک نے خدشہ ظاہر کیا کہ پٹرول کی قلت پیدا ہوئی تو اس کی قیمت 1000 روپے لٹر تک جا سکتی ہے۔ وزیر خزانہ اورنگ زیب کے بقول درپیش چیلنجز کے باوجود ملکی معیشت بہتری کی جانب گامزن ہے اس لئے مارچ، دھرنے اور ہڑتالیں سمجھ سے بالاتر ہیں۔ وفاقی وزرا نے پی ٹی آئی خیبر پی کے کے صدر جنید اکبر کے بیان کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ ان کے بیان سے ثابت ہو گیا کہ وہ کیا کرنا چاہتے ہیں۔ مشیر وزیراعظم رانا ثنااللہ کے بقول کچھ عناصر گڑبڑ کے لیے موقع کی تلاش میں ہیں۔ اس میں تو کوئی دو رائے نہیں کہ شہریوں کو اپنے کسی مسئلہ پر احتجاج کے لیئے سڑکوں پر آنے کا آئینی حق حاصل ہے اور اسلام آباد ہائیکورٹ نے شہریوں کے آئینی حق احتجاج کو تسلیم کرتے ہوئے دارالحکومت میں احتجاج کے لیے حدود و قیود بھی متعین کر دی ہیں۔ اس عدالتی فیصلے کی روشنی میں حکومت اور سڑکوں پر احتجاج کرنے والی سیاسی جماعتوں پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ آئین و قانون اور عدالتی احکام کی مکمل پاسداری کریں۔ بے شک احتجاج جمہوری حق ہے مگر اس حق کے استعمال سے دوسرے شہریوں کے بنیادی حقوق، کاروبار، روزمرہ زندگی اور ملکی معیشت متاثر نہیں ہونی چاہئیں۔ امن و امان برقرار رکھنا بہر صورت حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے تاہم اس کے ساتھ عوام کو درپیش معاشی مشکلات کا ازالہ بھی حکومت ہی کی ذمہ داری ہے۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں عالمی منڈی کے علاوہ ملک کے اندر بے یقینی اور سیاسی کشیدگی کے اثرات پڑنے کی حکومتی وضاحت اپنی جگہ، مگر پٹرول کی قلت کی صورت میں اس کی قیمت ایک ہزار روپے فی لٹر تک پہنچنے کا عندیہ عوام میں مزید اضطراب پیدا کر سکتا ہے۔

ملاقاتیں باغوں میں

اکرم چوہدری

لاہور اور ادب کا تعلق دیکھئے اس شہر نے لفظوں کو صرف چھاپا نہیں، جیا ہے یہاں شاعروں نے خواب دیکھے، افسانہ نگاروں نے معاشرے کے پردے اٹھائے، صحافیوں نے حکومتوں سے سوال کیے، فنکاروں نے اسٹیج آباد کیے اور موسیقاروں نے ایسی دھنیں پیدا کیں جو سرحدوں سے بڑی ہو گئیں پاک ٹی ہاؤس جیسی جگہوں کی اصل اہمیت میز اور کرسی میں نہیں تھی اصل چیز گفتگو تھی کوئی شعر سنا رہا ہے کوئی افسانے پر بحث کر رہا ہے کوئی انقلاب لانے نکلا ہوا ہے اور ایک صاحب صرف چائے پی رہے ہیں مگر رائے ہر موضوع پر رکھتے ہیں

یہ بھی لاہور ہے یہاں اردو اور پنجابی ایک دوسرے سے گلے ملتی ہیں ایک ہی گفتگو میں آدمی اردو سے پنجابی اور پنجابی سے اردو میں یوں آتا جاتا ہے جیسے اپنے گھر کے ایک کمرے سے دوسرے میں جا رہا ہو اور محبت کے معاملے میں؟ اس شہر کے بارے میں جانے کتنی محبتیں لکھی گئی ہوں گی کتنی کہانیاں کالجوں کے دروازوں سے شروع ہوئیں کتنے خط کتابوں میں چھپائے گئے کتنے انتظار مال روڈ پر ہوئے کتنی ملاقاتیں باغوں میں، کتنے رشتے خاندانوں نے جوڑے، کتنی محبتیں زمانے نے توڑ دیں اور کتنی ایسی ہوں گی جن کے دو کردار آج سفید بالوں کے ساتھ کہیں بیٹھے اپنے پوتے پوتیوں کو لاہور کی کہانیاں سناتے ہوں، مگر اپنی اصل کہانی نہ سناتے ہوں۔

لاہور شاید اس لیے بھی رومانوی ہے کہ یہاں ماضی کبھی مکمل طور پر گزرتا نہیں، وہ کسی پرانی عمارت، کسی درخت، کسی گلی، کسی کالج، کسی دکان یا کسی خوشبو میں چھپا رہتا ہے آپ برسوں بعد کسی جگہ سے گزریں اور اچانک بیس سال پرانا لاہور سامنے کھڑا ہو جائے یہ شہر یادوں کے معاملے میں بڑا بے رحم ہے جو یاد دلانا چاہے، پوری شدت سے یاد دلاتا ہے مگر لاہور کی تعریف کرتے ہوئے اس کی تکلیف چھپا دینا بھی محبت نہیں ہوگی

ہمارا لاہور زخمی بھی ہوا ہے درخت کٹے، باغ سکڑے، ٹریفک بڑھی، دھواں اس کی سردیوں پر چھا گیا بہت سی تاریخی عمارتیں ہماری بے حسی کا بوجھ اٹھاتی رہیں پرانی گلیوں کی تہذیب کو تجارتی ہنگامے نے جگہ جگہ پیچھے دھکیلا ہم نے ترقی ضرور کی، مگر کبھی کبھی ترقی کی جلدی میں یہ پوچھنا بھول گئے کہ کہیں ہم اپنے شہر کی روح تو پیچھے نہیں چھوڑ رہے؟ میری نظر میں لاہور سے محبت کا امتحان اب یہی ہے لہور لہور اے کہنا آسان ہے، لاہور کو لاہور رہنے دینا مشکل، اگر ہم واقعی اس شہر سے محبت کرتے ہیں تو اس کے درخت بچانے ہوں گے اس کی ہوا صاف کرنی ہوگی اس کے ورثے کو محض سیاحتی تصویر نہیں بلکہ اپنی شناخت سمجھنا ہوگا پنجابی زبان کو احساسِ کمتری سے نکال کر محبت سے بولنا ہوگا اپنی پرانی وضع داری، پڑوسی داری اور مہمان نوازی کو جدید زندگی کی نذر ہونے سے بچانا ہوگا کیونکہ عمارتیں محفوظ کر کے بھی تہذیب کھوئی جا سکتی ہے۔

تہذیب انسانوں کے رویوں میں زندہ رہتی ہے میرے نزدیک لاہور کی سب سے قیمتی روایت یہی ہے کہ اس شہر میں انسان کے لیے جگہ رہی ہے نئے آنے والے کے لیے بھی، پردیسی کے لیے بھی، طالب علم کے لیے بھی، فنکار کے لیے بھی، مزدور کے لیے بھی، خواب دیکھنے والے کے لیے بھی۔ لاہور نے ہمیشہ لوگوں کو اپنے اندر سمویا اور پھر بڑی معصومیت سے انہیں لاہوری قرار دے دیا شاید اسی لیے لاہور میں پیدا ہونا ضروری نہیں، لاہور سے محبت ہو جانا کافی ہے

آج جب زندگی مہنگی ہے، خبریں خوفناک ہیں، لوگ تھکے ہوئے ہیں اور ہر شخص اپنے حصے کی کوئی نہ کوئی پریشانی اٹھائے پھر رہا ہے، مجھے لگتا ہے ہمیں اپنے شہروں سے دوبارہ محبت کرنا سیکھنا چاہیے کبھی کسی پرانے دوست کو بلاوجہ فون کریں کسی بزرگ کے پاس بیٹھ کر پرانے لاہور کی کہانی سنیں کسی شام موبائل جیب میں ڈال کر شہر کی کسی پرانی سڑک پر چلیں، گھر آئے مہمان کو جلدی رخصت کرنے کے بجائے ایک کپ چائے اور پلا دیں پڑوسی کے دروازے پر دستک دے دیں، اپنے بچوں کو صرف لاہور کی بڑی عمارتیں نہ دکھائیں، انہیں لاہور کی وضع داری بھی سکھائیں انہیں بتائیں کہ ہمارے ہاں مہمان دروازے پر آئے تو چہرہ کھل جاتا تھا دسترخوان چھوٹا ہو تو دل بڑا کیا جاتا تھا اور تعلق میں حساب کتاب نہیں رکھا جاتا تھا۔

شہر اسی طرح نسلوں تک زندہ رہتے ہیں ورنہ سڑکیں چوڑی ہوتی جاتی ہیں اور دل تنگ، عمارتیں اونچی ہوتی جاتی ہیں اور تعلق چھوٹے، لاہور کو اس انجام سے بچانا ہے کیونکہ ہمیں صرف ایک ترقی یافتہ لاہور نہیں چاہیے ہمیں دل والا لاہور بھی چاہیے وہ لاہور جو کسی اجنبی کو راستہ بتاتے ہوئے اپنا سمجھ لے، جو مہمان کے سامنے گھر کا بہترین کھانا رکھ دے، جو دکھ میں کندھا دے، خوشی میں ڈھول بجائے، محفل میں شعر سنائے، بحث میں آواز اونچی کر دے مگر جاتے ہوئے گلے بھی لگا لے اور رات گئے دوست کو رخصت کرتے ہوئے ایک بار ضرور کہے چاہ ہور نئیں پینی؟

دنیا میں خوبصورت شہر بہت ہیں کسی کے پاس سمندر ہے، کسی کے پاس پہاڑ، کسی کے پاس فلک بوس عمارتیں، لاہور کے پاس بھی عمارتیں ہیں، باغ ہیں، تاریخ ہے، کھانے ہیں، مگر لاہور کی سب سے بڑی دولت شاید ان میں سے کوئی نہیں، لاہور کے پاس دل ہے اور جس شہر کے پاس دل ہو، اسے صرف دیکھا نہیں جاتا اس سے تعلق بن جاتا ہے اسی لیے مشہور بات ہے جنے لہور نئیں ویکھیا، او جمیا ای نئیں، مگر میں اس میں اپنی طرف سے ایک سطر شامل کرنا چاہوں گا لاہور دیکھ لینے سے بات مکمل نہیں ہوتی، لاہور کو سمجھنے کے لیے کسی لاہوری کے ساتھ بیٹھنا پڑتا ہے، اس کے ساتھ ہنسنا پڑتا ہے، اس کے دسترخوان پر کھانا پڑتا ہے اور اس شہر کی کسی پرانی گلی میں اپنی کوئی یاد چھوڑنی پڑتی ہے تب معلوم ہوتا ہے کہ لاہور آخر لاہور کیوں ہے اور تب شاید آپ بھی یہی کہیں عشق اگر انسان ہوتا تو شاید اس کا دل لاہوری ہوتا، اور عشق اگر شہر ہوتا تو لاہور ہوتا۔

ہم اپنا گھر کیسے بچائیں؟

چوہدری اکرم

دنیا کے حالات دیکھیں تو یوں لگتا ہے جیسے ہر طرف کسی نہ کسی نے ماچس کی ڈبیا اٹھا رکھی ہے کہیں میزائل چل رہے ہیں، کہیں ڈرون اڑ رہے ہیں، کہیں تیل کے جہاز راستہ بدل رہے ہیں، کہیں بڑی طاقتیں ایک دوسرے کو دھمکیاں دے رہی ہیں ہر ملک اپنی طاقت دکھانے میں مصروف ہے اور عام آدمی خاموشی سے سوچ رہا ہے کہ بھائی، اس سارے جھگڑے میں میرا قصور کیا ہے؟

پاکستانی کا مسئلہ تو اور بھی سادہ ہے اسے نہ کسی سمندر پر قبضہ کرنا ہے، نہ کسی ملک کی حکومت بدلنی ہے، نہ دنیا کی قیادت سنبھالنی ہے۔ اسے صبح دفتر پہنچنا ہے، بچوں کی فیس دینی ہے، بجلی کا بل جمع کرانا ہے، موٹر سائیکل میں پٹرول ڈلوانا ہے اور رات کو گھر آتے ہوئے سبزی بھی خریدنی ہے لیکن دنیا کا ہر بڑا جھگڑا آخرکار اس کے دروازے پر دستک دے دیتا ہے، کبھی پٹرول کی قیمت بن کر، کبھی مہنگی بجلی بن کر، کبھی ڈالر بن کر اور کبھی آٹے، دال اور دوائی کی قیمت بن کر۔

اس لیے آج اصل سوال یہ نہیں کہ دنیا میں کون جیت رہا ہے اصل سوال یہ ہے کہ پاکستان اپنے لوگوں کو کیسے بچائے؟ سب سے پہلے ہمیں یہ پرانی عادت چھوڑنی ہوگی کہ مصیبت دروازے پر پہنچے تو اجلاس بلاؤ۔ گھر چلانے والی ایک عام عورت بھی حکومت سے زیادہ منصوبہ بندی کرتی ہے۔ اسے معلوم ہو کہ اگلے مہینے آمدنی کم ہونے والی ہے تو وہ آج سے خرچ سنبھالنا شروع کر دیتی ہے شادی آگے ہو تو پیسے پہلے جمع کرتی ہے گندم سستی مل رہی ہو تو کچھ زیادہ رکھ لیتی ہے۔

ملک بھی آخر ایک بڑا گھر ہی ہوتا ہے دنیا میں تیل کی رسد خطرے میں ہو تو ہمیں اس وقت سوچنا چاہیے جب پٹرول پمپوں پر قطاریں نہیں لگی ہوتیں متبادل راستے، اضافی ذخائر اور دوست ملکوں سے پیشگی انتظام اسی وقت کام آتے ہیں جب مشکل آنے سے پہلے کیے جائیں دوسری بات یہ کہ ہر بحران کا بل عوام کو پکڑا دینا آسان ترین حل ہے تیل مہنگا ہوا، قیمت بڑھا دو، ڈالر مہنگا ہوا، قیمت بڑھا دو۔ بجلی کا خرچ بڑھا، بل بڑھا دو۔ یوں تو محلے کی دکان بھی چل سکتی ہے، ملک نہیں۔

حکومت کا اصل امتحان ہی یہ ہوتا ہے کہ باہر سے آنے والے جھٹکے کا کتنا حصہ وہ اپنی بہتر حکمت عملی سے برداشت کرتی ہے اور کتنا عوام تک پہنچنے دیتی ہے اور اگر قربانی ضروری ہو تو پھر قربانی بھی سب کی ہونی چاہیے یہ عجیب حساب ہے کہ مشکل وقت آئے تو موٹر سائیکل والے سے کہا جائے پٹرول بچاؤ، پنکھا چلانے والے سے کہا جائے بجلی بچاؤ، دال خریدنے والے سے کہا جائے صبر کرو لیکن سرکاری شان و شوکت ویسی ہی رہے۔

قومی قربانی کا مطلب یہ نہیں کہ غریب اپنی روٹی آدھی کر دے قومی قربانی کا مطلب ہے کہ سب سے پہلے ریاست اپنا خرچ دیکھے تیسری ضرورت سفارت کاری ہے پاکستان کی سب سے بڑی طاقت میزائل نہیں، اس کی جغرافیائی حیثیت اور اس کے تعلقات ہیں ہمارے تعلقات عرب دنیا سے بھی ہیں، ایران سے بھی، چین سے بھی، امریکہ اور مغرب سے بھی۔

ایسے وقت میں سمجھ دار ملک جنگ میں فریق بننے سے پہلے سو مرتبہ سوچتا ہے، لیکن امن میں فریق بننے کا موقع کبھی نہیں چھوڑتا ہمیں کسی کے مورچے میں کھڑے ہونے سے زیادہ میز کے درمیان بیٹھنے کی کوشش کرنی چاہیے کیونکہ جنگ میں بہادری صرف گولی چلانے کا نام نہیں کبھی کبھی سب سے بڑی بہادری گولی رکوانا ہوتی ہے چوتھی اور شاید سب سے اہم بات یہ ہے کہ پاکستان کو اپنی توانائی کی غلامی کم کرنا ہوگی ہم کب تک دنیا کے کسی سمندر میں کشتی رکنے پر اپنے پٹرول پمپ کی قیمت بدلتے رہیں گے؟

ہمارے پاس سورج ہے، ہوا ہے، پانی ہے، کوئلہ ہے، زراعت ہے اور کروڑوں ذہین نوجوان ہیں۔ لیکن ہم نے برسوں سے اپنی توانائی کی تقدیر دوسروں کے تیل کے کنوؤں سے باندھ رکھی ہے گھر میں سورج مفت چمک رہا ہو اور ہم روشنی کے لیے ادھار کا تیل خریدتے رہیں تو غلطی سورج کی نہیں ہوتی اور آخر میں ایک بات عوام سے بھی۔

ہم اکثر سمجھتے ہیں کہ ملک صرف حکومت چلاتی ہے ایسا نہیں ملک دکاندار بھی چلاتا ہے، استاد بھی، مزدور بھی، صنعت کار بھی، صحافی بھی اور وہ شہری بھی جو مشکل وقت میں ناجائز منافع کمانے کے بجائے دوسرے شہری کا خیال رکھتا ہے۔ بحران میں ذخیرہ اندوزی بھی ملک دشمنی کی ایک شکل ہے مصیبت میں قیمت دوگنی کر دینا کاروباری ذہانت نہیں، بے حسی ہے۔

پاکستان پہلے بھی مشکل وقت دیکھ چکا ہے

تاریخ مٹانے کی منظم مہم

جاوید اقبال

بھارت کی میزبانی میں منعقد کیے گئے برکس اجلاس کا اعلامیہ جاری کیا گیا جس میں فلسطینی مسلمانوں کی جبری بے دخلی کو مسترد کیا گیا اور مسئلہ فلسطین کے لیے دو ریاستی حل کی بات کی گئی جو کہ خوش آئند ہے لیکن بھارت کی منافقت اس بات سے عیاں ہے کہ خود بھارت مسئلہ فلسطین اور کشمیر کے حوالے سے منظور کردہ عالمی قراردادوں کی راہ میں رکاوٹ ہے بھارت اور اسرائیل کا گٹھ جوڑ کسی سے بھی پوشیدہ نہیں۔ مسلمان چاہے فلسطین میں ہو انڈیا یا کشمیر میں اس وقت بدترین بربریت کا شکار ہے انسانی حقوق کی بدترین پامالی کے مرتکب نریندر مودی کسی جواب دہی سے مستثنیٰ دنیا کو عالمی قوانین کی پاسداری کا درس دیتے نظر آ رہے ہیں جو کہ قیامت کی نشانی ہے دنیا میں بسنے والے غریب اور مظلوم قوموں کے لیے زیادہ تشویش کی بات یہ ہے کہ عالمی انسانی حقوق کے ادارے اس وقت غیر فعال ہو چکے ہیں ان کے پاس کردہ قراردادیں اور اعلامیوں کی حیثیت محض کاغذ کے ایک ٹکڑے کی مانند ہے بھارت گزشتہ کئی دہائیوں سے بالعموم اور نریندر مودی کی حکومت کے آنے کے بعد بالخصوص تمام اقلیت وبشمول مسلمانوں کی مذہبی اور ثقافتی شناخت کو مٹانے کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہے آئیے ذرا بھارت کے اندر اقلیتوں کے ساتھ حالت ظاہر کا مختصر جائزہ لیتے ہیں کس طریقے سے مسلمانوں کی مذہبی اور ثقافتی شناخت کو ختم کرنے کی ریاستی سرپرستی میں جاری مہم کو دنیا نظر انداز کر رہی ہے ہندوستان کے 20 کروڑ مسلمان آج اپنی مذہبی اور ثقافتی شناخت کو بچانے کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ 1992 میں بابری مسجد کے انہدام کے بعد جو بیج بویا گیا تھا، وہ اب حکومتی سرپرستی میں ایک مکمل درخت بن چکا ہے۔ "تجاوزات" اور "ترقی" کے نام پر مساجد، مزارات، مدارس اور عیدگاہیں گرائی جا رہی ہیں۔ اعداد چیخ چیخ کر بول رہے ہیں 1992 سے اب تک 861 مسلم مذہبی مقامات کو نشانہ بنایا گیا۔ اس فہرست میں 57 مساجد، 563 مزارات، 6 درگاہیں، 226 مدارس، 6 عیدگاہیں، 1 قبرستان اور 2 مینار شامل ہیں صرف اتراکھنڈ میں ہی 538 سے 572 مزارات کو مسمار کر دیا گیا۔ اور یہ ماضی کی بات نہیں۔ یہ آج بھی ہو رہا ہے۔ 5 ستمبر 2026 کو اتر پردیش کے ضلع سہارنپور میں 150 سال پرانی مسجد کو شہید کر دیا گیا۔ ہائی کورٹ کا فیصلہ آتے ہی انتظامیہ نے اتنی جلدی بلڈوزر چلا دیے کہ مسلمانوں کو سپریم کورٹ جانے کا وقت ہی نہ ملا۔ یہ "آپریشن" نہیں تھا۔ یہ اسی طویل سلسلے کی ایک اور کڑی تھی۔ اتر پردیش: یوگی حکومت نے 2025 میں تقریباً 30 مساجد گرائیں۔ 2026 میں وارانسی اور اٹاوہ کی عمارتیں بھی نشانہ بنیں۔ دہلی 700-600 سال پرانی اخوندجی مسجد 30 جنوری 2024، درگاہ شاہ بیران 6 مئی 2026 - ہریانہ: مسجد چوک 29 مئی 2026 مہاراشٹر 5، گجرات 4، راجستھان 5، مدھیہ پردیش کے اجین میں 3، آسام میں درجنوں مقامات - سب سے بھیانک: جون 2026 کے 45 دنوں میں 23 مذہبی مقامات گرا دیے گئے۔ وقف ترمیمی ایکٹ 2025 کے بعد 8.72 لاکھ وقف جائیدادیں جن کی مالیت 1.2 لاکھ کروڑ روپے ہے، ان کے فیصلے اب ضلعی کلکٹروں کے ہاتھ میں ہیں۔ یعنی مسلم کمیونٹی اپنے اسکولوں، قبرستانوں اور فلاحی اداروں کی زمین پر خود فیصلہ نہیں کر سکتی۔ ناقدین کہتے ہیں یہ قانون وقف کو کمزور کر کے اسے سرکار کے حوالے کرنے کی تیاری ہے۔ ہندوستان کی 14.2% آبادی مسلمان ہے۔

لیکن: اذان پر پابندی، مدارس پر شک، عبادت گاہیں بند مسلم خواتین کی لیبر فورس میں شرکت صرف 38.2% لوک سبھا میں آبادی کے حساب سے 77 نشستیں بنتی ہیں ملیں صرف 24، 2024 میں نفرت انگیز تقریروں کے 1165 واقعات ہوئے، 98.5% کا نشانہ مسلمان تھے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اقوام متحدہ جیسے عالمی ادارے جن کا بنیادی کام انصاف، مذہبی ازادی، اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ ہے غیر جانبدارانہ پالیسی پر عمل پیرا ہوں گے، طاقتور اور کمزور کے لیے دوہرا معیار ترک نہیں کریں گے تب تک بھارت اور اسرائیل بلاخوف وخطر انسانی حقوق کی پامالی جاری رکھیں گے اقوام متحدہ اور مغربی ممالک کو تعصب کی عینک اتار کر انسانی اور مذہبی ازادی جس کا اپنے ملک میں وہ نفاذ چاہتے ہیں اس کے لیے دوسرے ممالک کو اتنا ہی حقدار سمجھنا ہوگا اس پالیسی کو اپنائے بغیر مودی اور اس کے حواری اقلیتوں بالخصوص مسلمانوں کی مذہبی اور ثقافتی شناخت کو ختم کرنے کی منصوبے سے دستبردار نہیں ہوں گے۔

سندھ بھر سے

شہر قائد

میٹروپولیٹن کارپوریشن کراچی نے شاہ فیصل کالونی گیٹ کے علاقے میں صفائی مہم کی ہدایت دی

ماحولیاتی مسائل کیلئے نظام موثر بنایا جائیگا، سیکریٹری فیصل عقیلی

ماحولیاتی قوانین پر عملدرآمد کیلئے صنعتوں کو رہنمائی، مہلت اور تکنیکی معاونت دی جائے، صدر کاٹی محمد اکرام راجپوت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سیکریٹری ماحولیات، موسمیاتی تبدیلی و ساحلی ترقی سندھ فیصل احمد عقیلی نے کہا ہے کہ ماحولیاتی مسائل کو جڑ سے حل کرنے کیلئے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے گا، صنعتکاروں کو ہر ممکن سہولت اور تعاون فراہم کرنے کے لئے کوشاں ہیں، سیپا اور صنعتی شعبے کے درمیان رابطہ بہتر بنانے کیلئے مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں، شکایات کے ازالے کیلئے فوکل پرسن مقرر کر دیا گیا ہے جبکہ کاٹی کے ساتھ رابطے کیلئے خصوصی واٹس ایپ گروپ بھی قائم کیا جائے گا۔ ماحولیاتی منصوبوں کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) میں صنعتکاروں سے خطاب میں کیا۔ تقریب میں کاٹی کے صدر محمد اکرام راجپوت، ڈپٹی پیٹرن ان چیف زبیر چھایا، سینئر نائب صدر زاہد حمید، نائب صدر سید محمد طلحہ علی، قائمہ کمیٹی کے چیئرمین سلیم الزماں، سندھ انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی (سیپا) کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر عاشق علی لانگا، ریجنل ڈائریکٹر ایم عمران صابر، ڈپٹی ڈائریکٹر صدا بخش، ڈائریکٹر وارث علی گبول اور کراچی سینٹر فار کلائمیٹ چینج کی فریال دیوان سمیت دیگر صنعتکار اور ممبران بھی موجود تھے۔ فیصل احمد عقیلی نے مزید کہا کہ سیپا کے ڈپٹی ڈائریکٹر کو فوکل پرسن مقرر کیا گیا ہے جو شکایات پر کارروائی کے ساتھ شکایت کنندگان کو ان کی درخواستوں کی صورتحال اور پیش رفت سے آگاہ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ شکایات کیلئے واٹس ایپ گروپ پہلے ہی قائم کیا جا چکا ہے جبکہ کاٹی کے ساتھ بہتر رابطے اور سہولت کیلئے علیحدہ واٹس ایپ گروپ بھی بنایا جائے گا۔ سیکریٹری ماحولیات نے بتایا کہ محکمہ کو 6 منصوبے موصول ہوئے ہیں جنہیں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ (پی پی پی) کے تحت آگے بڑھایا جائے گا۔ بہتر رابطہ کاری اور منصوبوں پر عملدرآمد کیلئے ورکشاپس اور سیمینارز بھی منعقد کیے جائیں گے۔ جس میں سیپا اور کاٹی کے دو، دو نمائندے نامزد کیے جائیں گے جبکہ کاربن فنانسنگ کے حوالے سے اسٹیک ہولڈرز اور عوام میں آگاہی کیلئے سیشنز منعقد کیے جائیں۔

حاجی نواز علی بروہی کی نگرانی میں ترقیاتی سرگرمیاں

نیا ناظم آباد سے منگھوپیر تھانے تک مرکزی شاہراہ کو موٹر ایبل بنانے کے جاری کام کا معائنہ کیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ٹاؤن میونسپل کارپوریشن منگھوپیر کے چیئرمین حاجی نواز علی بروہی کی زیر نگرانی منگھوپیر ٹاؤن میں شہریوں کو بہتر بنیادی سہولیات کی فراہمی اور اہم شاہراہوں کی بہتری کے لیے ترقیاتی سرگرمیاں جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں نیا ناظم آباد سے منگھوپیر تھانے تک مرکزی شاہراہ کو موٹر ایبل بنانے کے جاری کام کا ٹاؤن چیئرمین حاجی نواز علی بروہی نے موقع پر پہنچ کر خود معائنہ کیا اور کام کی پیش رفت، رفتار اور معیار کا تفصیلی جائزہ لیا۔ حاجی نواز علی بروہی نے موقع پر جاری ترقیاتی کام کے مختلف مراحل کا جائزہ لیا اور متعلقہ ذمہ داران سے کام کی پیش رفت اور موجودہ صورتحال کے بارے میں تفصیلات معلوم کیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ سڑک کو موٹر ایبل بنانے کے کام میں معیار اور پائیداری کو ہر صورت مقدم رکھا جائے اور تعمیراتی عمل کے دوران کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی نہ ہونے دی جائے، تاکہ شہریوں کو بہتر اور دیرپا سفری سہولت میسر آ سکے۔ معائنے کے دوران چیئرمین حاجی نواز علی بروہی نے وہاں موجود شہریوں سے بھی براہ راست ملاقات کی۔ انہوں نے شہریوں سے علاقے میں آمدورفت کی صورتحال، درپیش مشکلات اور دیگر بنیادی مسائل کے بارے میں دریافت کیا۔ اس موقع پر انہوں نے شہریوں سے جاری ترقیاتی کام کے حوالے سے ان کی رائے بھی معلوم کی اور پوچھا کہ سڑک کے کام کی رفتار اور معیار انہیں کیسا محسوس ہو رہا ہے، جبکہ کام کے دوران کسی قسم کی دشواری یا شکایت کی صورت میں بھی آگاہ کرنے کی ہدایت کی۔ حاجی نواز علی بروہی نے شہریوں کی جانب سے پیش کیے جانے والے مسائل، شکایات اور تجاویز کو توجہ سے سنا اور متعلقہ ذمہ داران کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل کے لیے ضروری ہے کہ شہریوں سے براہ راست رابطہ رکھا جائے اور ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے ان کی رائے کو بھی اہمیت دی جائے، کیونکہ کسی بھی ترقیاتی کام کا بنیادی مقصد عوام کو عملی اور دیرپا سہولت فراہم کرنا ہے۔

کراچی کے 74 اسکولوں میں ہاکی کٹس تقسیم

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان ہاکی فیڈریشن نے گراس روٹ لیول پر ہاکی کے فروغ کیلئے کراچی ڈویژن کے 74 اسکولوں کے طلبہ و طالبات میں ہاکی کٹس کی تقسیم شروع کر دی۔ این جے وی اسکول میں منعقدہ تقریب میں کمشنر کراچی سید حسن نقوی نے پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر محی الدین وانی کے ہمراہ اسکول کے طلبہ میں ہاکی کٹس تقسیم کیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کمشنر کراچی سید حسن نقوی نے کہا کہ حکومت ہاکی کے وقار کی بحالی کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے، اسکولوں کی سطح پر بچوں کو ہاکی سیکھنے کے مواقع فراہم کرنا پی ایچ ایف کی درست سمت میں اہم کوشش ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہاکی کٹس کی فراہمی سے بچوں میں کھیل کا شوق اجاگر ہوگا اور ملک میں قومی کھیل کے فروغ میں مدد ملے گی، ان اقدامات کے ذریعے مستقبل میں ماضی کی طرح بہترین کھلاڑی سامنے آنے کی امید ہے۔ صدر پاکستان ہاکی فیڈریشن محی الدین وانی نے بتایا کہ ہر اسکول کی ٹیم کیلئے 8 ہاکی کٹس فراہم کی جا رہی ہیں جبکہ مجموعی طور پر کراچی ڈویژن کے 74 اسکولوں کو کٹس دی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہاکی فیڈریشن ملک بھر میں بچوں کو مجموعی طور پر 1600 ہاکی کٹس فراہم کرے گی۔ محی الدین وانی نے کہا کہ پاکستان میں ہاکی کا بڑا ٹیلنٹ موجود ہے، اسکولوں کی سطح پر کھیل کو فروغ دینے سے مستقبل میں قومی ٹیم کیلئے بہترین کھلاڑی سامنے آئیں گے۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر جنوبی جاوید نبی کھوسو، این جے وی اسکول کی پرنسپل رخسانہ منگی، سابق اولمپئن سمیع اللہ، وسیم فیروز، حسن سردار، ناصر علی، گلفراز خان، ایاز محمود اور دیگر نامور ہاکی کھلاڑی بھی موجود تھے۔ بعد ازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کمشنر کراچی نے کہا کہ وائی ایم سی اے گراؤنڈ میں ہاکی کی سرگرمیاں جلد بحال کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے تمام ڈپٹی کمشنرز اپنے اپنے اضلاع میں کھیلوں کی سرگرمیوں کی بحالی کیلئے اقدامات کر رہے ہیں، مختلف کھیلوں کے ویران میدان بحال کیے گئے ہیں جبکہ بہتر پچز اور کورٹس کی تعمیر سے کھیلوں کا معیار بلند کیا جائے گا۔ کمشنر کراچی نے کہا کہ کراچی انتظامیہ اسکول کے بچوں کی تعلیمی و جسمانی نشوونما کے ساتھ انسداد پولیو کیلئے بھی بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔



کراچی کے باچھپے کے علاقے میں لوہار گرمی میں کام کر رہا ہے تاکہ خاندان کی کفالت کر سکے

میرپورخاص پولیس کی جانب سے عوامی شکایات کے ازالے کیلئے اوپن کچہریوں کا انعقاد

اوپن کچہریوں میں ASP/UT عبدالرب شاہ اور متعلقہ SDPOs شہریوں سے براہِ راست ملاقات کریں گے

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) میرپورخاص پولیس کی جانب سے عوامی شکایات کے ازالے کے لیے اوپن کچہریوں کا انعقاد۔ تفصیلات کے مطابق میرپورخاص پولیس کی جانب سے شہریوں کے مسائل اور شکایات براہ راست سننے اور ان کے فوری ازالے کے لیے مختلف پولیس اسٹیشنز اور متعلقہ علاقوں میں اوپن کچہریوں کا شیڈول جاری کر دیا گیا ہے پولیس کے مطابق اوپن کچہریوں میں ASP/UT عبدالرب شاہ اور متعلقہ SDPOs شہریوں سے براہ راست ملاقات کریں گے، ان کی شکایات اور مسائل سنیں گے جبکہ متعلقہ افسران کو مسائل کے حل اور شکایات کے ازالے کے لیے ضروری ہدایات بھی جاری کی جائیں گی اوپن کچہریوں کا شیڈول درج ذیل ہے 24 ستمبر 2026، صبح 11 بجے پولیس اسٹیشن ڈگری 25 ستمبر 2026، صبح 11 بجے: پولیس اسٹیشن سندھڑی، تعلقہ سندھڑی اور دلبر خان مہر 26 ستمبر 2026، صبح 11 بجے پولیس اسٹیشن کھان۔ 28 ستمبر 2026، صبح 11 بجے: SDPO آفس شجاع آباد، پولیس اسٹیشن تعلقہ اور میرواہ گورچانی 29 ستمبر 2026، صبح 11 بجے: پولیس اسٹیشن جھڈو، جھڈو، ٹنڈو جان محمد اور کوٹ 30 ستمبر 2026، صبح 11 بجے: پولیس اسٹیشن کوٹ غلام محمد، کوٹ غلام محمد اور ڈیگان یکم اکتوبر 2026، صبح 11 بجے: پولیس اسٹیشن گرہور شریف، گرہور شریف اور پھلاڈیوں میرپورخاص پولیس نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ مقررہ تاریخ اور وقت پر اوپن کچہریوں میں شرکت کر کے اپنے مسائل اور شکایات متعلقہ پولیس افسران کے سامنے پیش کریں تاکہ ان کے ازالے کے لیے بروقت اقدامات کیے جا سکیں پولیس حکام کا کہنا ہے کہ میرپورخاص پولیس عوامی خدمت، شہریوں کے تحفظ اور ان کی شکایات کے بروقت ازالے کے لیے اپنا کردار جاری رکھے گی۔

ڈویژنل کمشنر میرپورخاص شہ میر بھٹو کی صدارت میں اجلاس

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) چیئرمین بورڈ آف گورنرز ڈویژنل کمشنر شہمیر بھٹو کی صدارت میں کمشنر کمیٹی ہال میں پبلک اسکول میرپورخاص کی بہتری اور درپیش مسائل کے حل کے متعلق اجلاس منعقد ہوا جس میں ممبر قومی اسمبلی میر منور تالپر، ضلع کونسل چیئرمین میر انور تالپر سمیت بورڈ آف گورنر کے ممبران نے شرکت کی۔ اجلاس میں پبلک اسکول میرپورخاص کی بہتری، ترقیاتی منصوبوں اور درپیش مسائل کے حل کے متعلق تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں میر شیر محمد پبلک اسکول میرپورخاص کے فنڈز بڑھانے، پبلک اسکول میرپورخاص کی زمینیں خالی کروانے اور دیگر معاملات پر تفصیلی بحث کیا گیا۔

بھٹہ مزدوروں کا زمیندار کی زیادتیوں کے خلاف حیدرآباد پریس کلب پر احتجاج

نواں آباد کے قریب او جی ڈی سی ایل کے گیٹ پر مقامی افراد کا دھرنا

سانگھڑ (بیورو رپورٹ) جام نواز علی نواں آباد کے قریب قائم او جی ڈی سی ایل بوبی آئل فیلڈ کے مرکزی گیٹ کے سامنے مقامی افراد نے روزگار کے مواقع اور بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی کے خلاف احتجاجی دھرنا دے کر انتظامیہ کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔ احتجاجی مظاہرین کی قیادت عرفان لسکانی اور دیگر مقامی رہنماؤں نے کی۔ اس موقع پر احتجاجی رہنماؤں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ بوبی آئل فیلڈ انتظامیہ مقامی افراد کو روزگار کی فراہمی میں مسلسل نظرانداز کر رہی ہے، جبکہ پنجاب سمیت دیگر علاقوں سے آنے والے غیر مقامی افراد کو ملازمتوں میں ترجیح دی جا رہی ہے۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ آئل فیلڈ کے گرد و نواح میں موجود متعدد دیہات بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ مقامی آبادی کو صحت، تعلیم، سڑکوں اور دیگر ضروری سہولیات کی فراہمی کے لیے مؤثر اقدامات نہیں کیے جا رہے۔ احتجاجی رہنماؤں نے مزید الزام عائد کیا کہ سال میں صرف ایک آدھ مرتبہ آنکھوں کا کیمپ لگانے اور ایک خستہ حال اسکول بس فراہم کرنے کے علاوہ مقامی علاقے کی ترقی کے لیے خاطر خواہ اقدامات نظر نہیں آتے، جبکہ دیگر ترقیاتی فنڈز کے استعمال کے حوالے سے بھی مقامی لوگوں میں تحفظات پائے جاتے ہیں۔ مظاہرین کے مطابق بوبی آئل فیلڈ کے اطراف میں حالیہ عرصے کے دوران دو نئے ویلز کی دریافت بھی ہوئی ہے، اس لیے مقامی آبادی کا مطالبہ ہے کہ انہیں روزگار کے مواقع کے ساتھ ساتھ بنیادی سہولیات بھی فراہم کی جائیں۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ مقامی نوجوانوں کو ترجیحی بنیادوں پر روزگار فراہم کیا جائے۔

سرسبز جناح پارک ویرانی کی تصویر بن گیا

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) سرسبز جناح پارک ویرانی کی تصویر بن گیا؟ سابق کونسلر عاشق علی بگلر راجپوت نے مبینہ غفلت اور کرپشن پر سنگین سوالات کھڑے کر دیئے۔ میرپورخاص جناح پارک (نظیر حسین پارک) جسے بانیٔ پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے نام سے منسوب کرنے کے بعد جناح پارک کہا جاتا ہے، اس وقت انتہائی خستہ حالی کا شکار دکھائی دیتا ہے۔ پارک کی موجودہ صورتحال پر سابق کونسلر عاشق علی بگلر راجپوت نے میڈیا سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ جو پارک کبھی سرسبز، شاداب اور شہریوں کی تفریح کا بہترین مرکز تھا، وہ آج مبینہ غفلت اور کرپشن کی نذر ہو چکا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر بروقت توجہ نہیں دی گئی تو یہ تاریخی عوامی مقام مکمل طور پر اپنی شناخت کھو بیٹھے گا۔

پاکستان ایسوسی ایشن آف بلائنڈ نوشہرو فیروز کی حلف برداری تقریب

نوشہرو فیروز (نامہ نگار) پاکستان ایسوسی ایشن آف بلائنڈ (رجسٹرڈ) (ضلع نوشہرو فیروز کے نومنتخب عہدیداران کی حلف وفاداری کی تقریب نوشہرو فیروز میں بلائنڈ اسکول، گورنمنٹ ڈگری کالج کے قریب منعقد ہوئی۔ تقریب میں پاکستان ایسوسی ایشن آف بلائنڈ سندھ کے صدر عبدالجبار میرانی، سندھ کے نائب صدر مظفر حسین قریشی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر و چائلڈ پروٹیکشن آفیسر فیاض علی گھگھڑ، ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر عبداللطیف سولنگی، پاکستان پریس کلب نوشہرو فیروز کے سرپرست اعلیٰ محمد ایاز ملک، صدر راجا رئیس سولنگی، نیشنل پریس کلب کے صدر ایم ظفر گھگھڑ سمیت صحافیوں، سماجی رہنماؤں اور دیگر معززشخصیات نے شرکت کی۔

لیاقت یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کے وائس چانسلر نے طلبا سے خطاب کیا

انٹرنیشنل پیس کانفرنس: سندھ کی کمیٹیوں کے ذمہ داران کا اجلاس طلب

جیکب آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علما اسلام سندھ کے ڈپٹی سیکریٹری جنرل مولانا محمد صالح انڈھڑ نے کہا ہے کہ انٹرنیشنل پیس کانفرنس کو کامیاب بنانے کے لیے جے یو آئی سندھ کی تمام کمیٹیوں کے ذمہ داران کا اہم اجلاس 13 ستمبر بروز اتوار، دوپہر 12 بجے، مرکز باب الاسلام، سکھر میں منعقد ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اجلاس میں انٹرنیشنل پیس کانفرنس کی تیاریوں، انتظامی امور، مختلف کمیٹیوں کی کارکردگی اور آئندہ کے لائحہ عمل کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ امن عالم اجتماع ایک اہم عالمی پیغام کے طور پر منعقد کیا جا رہا ہے، جس کا بنیادی مقصد دنیا بھر میں امن، بھائی چارے، انسانی اقدار اور باہمی احترام کے فروغ کے لیے مؤثر آواز بلند کرنا ہے۔ جے یو آئی سندھ کے پریس سیکریٹری ڈاکٹر اے جی انصاری نے کہا کہ کانفرنس کو تاریخی اور کامیاب بنانے کے لیے تمام شعبوں کے درمیان مربوط رابطہ اور باہمی ہم آہنگی تعاون ضروری ہے۔

کاشف سعید شیخ کی اپیل پر احتجاجی مظاہرے کیے گئے

میرپورخاص (بیورو چیف) امیر جماعت اسلامی صوبہ سندھ کاشف سعید شیخ کی اپیل پر میرپورخاص میں ظالمانہ بجلی ٹیکسز لوڈ شیڈنگ اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں عالمی رد و بدل کے مطابق قیمتیں کم نہ کرنے کے خلاف بھرپور احتجاجی مظاہرے۔ احتجاجی مظاہروں سے جماعت اسلامی کے مقامی ذمہ داران اور یو سی عہدے داران کا خطاب۔ امیر جماعت اسلامی میرپورخاص شکیل احمد فہیم نے اہلیان میرپورخاص سے اپیل کی۔

بقیہ نمبر 1

طے پانے والے اسلام آباد مفاہمتی معاہدے میں پاکستان کے کردار کو سراہتے ہوئے اسے ایک اہم کامیابی قرار دیا۔اقوام متحدہ کے مطابق پاکستان سمیت دیگر علاقائی ممالک نے اس وقت مذاکراتی عمل میں کردار ادا کیا تھا۔اقوام متحدہ کے ترجمان نے کہا کہ امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات کا دوبارہ آغاز جنگ کے خاتمے کی جانب پیش رفت میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔انہوں نے فریقین پر زور دیا کہ تنازع کے حل کیلئے سفارت کاری اور بات چیت کا راستہ اختیار کیا جائے۔اقوام متحدہ اس سے قبل بھی امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی اور مذاکراتی عمل کی حمایت کر چکا ہے۔ عالمی ادارے کے مطابق موجودہ بحران کا پائیدار حل بامعنی مذاکرات اور سفارتی کوششوں کے ذریعے ہی ممکن ہے۔

بقیہ نمبر 2

مطابق اروڑ یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر زاہد حسین کھنڈ کی مدت ملازمت میں توسیع سے قبل نئے وائس چانسلر کی تقرری کے لیے اشتہار جاری کرنے کی تجویز زیر غور تھی۔ چیف سیکریٹری سندھ آصف حیدر شاہ نے بھی سلیکشن بورڈ کے ذریعے نئے وائس چانسلر کی تقرری کی سفارش کی تھی اور مناسب امیدوار نہ ملنے کی صورت میں ڈاکٹر زاہد حسین کھنڈ کو دوبارہ مقرر کرنے کی تجویز دی تھی۔ ذرائع کے مطابق ابتدا میں وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے چیف سیکریٹری کے نوٹ سے اتفاق کرتے ہوئے اروڑ یونیورسٹی کے وائس چانسلر کے عہدے کے لیے اشتہار جاری کرنے کی منظوری دی تھی، جس کے بعد محکمہ یونیورسٹیز اینڈ بورڈز کی جانب سے اشتہار کے اجرا کے لیے کارروائی شروع کی گئی۔ بعدازاں ذرائع کا کہنا ہے کہ سمری دوبارہ وزیر اعلیٰ سندھ کو بھیجی گئی، جس میں ڈاکٹر زاہد حسین کھنڈ کی مزید 4 سال کے لیے بطور وائس چانسلر تقرری کی منظوری دے دی گئی۔ اس کے بعد یونیورسٹی کے نئے وائس چانسلر کے لیے اشتہار جاری کرنے کی کارروائی روک دی گئی۔ ذرائع کے مطابق ڈاکٹر اریبا بھٹو کی بطور وائس چانسلر شہید اللہ بخش سومرو یونیورسٹی آف آرٹ، ڈیزائن اینڈ ہیریٹیج جامشورو میں پہلی مدت ملازمت فروری 2027 میں مکمل ہو رہی ہے، تاہم ان کی آئندہ 4 سالہ مدت کے لیے بھی تقرری کی منظوری دے دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق چیف سیکریٹری سندھ نے اللہ بخش سومرو یونیورسٹی کے لیے بھی اشتہار جاری کرکے نئے وائس چانسلر کی تقرری کی سفارش کی تھی۔ واضح رہے کہ اس سے قبل وزیر اعلیٰ سندھ نے لیاقت یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز جامشورو کے وائس چانسلر ڈاکٹر اکرام الدین اجن کی مدت ملازمت میں بھی آئندہ 4 سال کے لیے توسیع کی منظوری دی تھی، جبکہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو میڈیکل یونیورسٹی لاڑکانہ کی وائس چانسلر ڈاکٹر نصرت شاہ کی مدت ملازمت میں توسیع کی منظوری بھی گزشتہ ماہ دی جا چکی ہے۔ محکمہ یونیورسٹیز اینڈ بورڈز کے سیکریٹری عباس بلوچ نے رابطے پر بتایا کہ اروڑ یونیورسٹی کا اشتہار جاری نہیں کیا گیا، اگر کنٹرولنگ اتھارٹی نے وائس چانسلر کی مدت ملازمت میں توسیع کی منظوری دی ہے تو اس کا نوٹیفکیشن جاری کردیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 3

اینڈ ٹیکنالوجی فورم سے خطاب کرتے ہوئے بلال بن ثاقب نے کہا کہ مصنوعی ذہانت اور ٹوکنائزیشن ترقی پذیر دنیا میں مالی شمولیت کے طاقتور ذرائع بن سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مالی شمولیت کے لیے صرف ٹیکنالوجی نہیں، موثر نظام اور قواعد بھی ضروری ہیں، دنیا میں 1.3 ارب نوجوان اب بھی مالیاتی نظام سے باہر ہیں جبکہ مالیاتی نظام سے باہر تقریباً 90 کروڑ افراد کے پاس موبائل فون موجود ہیں۔ چیئرمین پاکستان ورچوئل ایسٹ ریگولیٹری اتھارٹی نے کہا کہ پاکستان میں ڈیجیٹل اثاثوں کے لیے واضح ریگولیٹری فریم ورک قائم کردیا گیا ہے۔ بلال بن ثاقب نے کہا کہ پاکستان میں ورچوئل اثاثہ صارفین کی تعداد 4 کروڑ سے تجاوز کرچکی ہے، پاکستان ٹیکنالوجی کا صرف صارف نہیں، اسے بنانے والا بھی بننا چاہتا ہے، غربت اور بے روزگاری کے خاتمے کے لیے آج کی ٹیکنالوجی کو بروئے کار لانا ہوگا۔

بقیہ نمبر 4

بعد وہ جبران ناصر کو جاری کریں گی، جس کے بعد میر رضا کے اہل خانہ رپورٹ کے معاملے کو مزید آگے لے کر جائیں گے۔ ڈاکٹر سمعیہ نے مبینہ آڈیو میں کہا کہ فائنل رپورٹ میں یہ بات بھی شامل ہے کہ تشدد ہوا ہے۔ اس پر ڈاکٹر اسامہ نے ان سے اگلے روز ملاقات کا وقت دریافت کیا۔ مبینہ آڈیو میں ڈاکٹر سمعیہ نے ڈاکٹر اسامہ کو یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ ''تم اس کیس سے نکل جاؤ گے، فکر نہیں کرو، تم نکل گئے ہو، یہ لڑائی میری ہے۔'' واضح رہے کہ میر رضا کیس کی تحقیقات کے لیے سندھ ہائیکورٹ کی ہدایت پر جوڈیشل کمیشن بھی کارروائی کررہا ہے، جبکہ پوسٹ مارٹم اور میڈیکل رپورٹس بھی کیس کی تحقیقات کا اہم حصہ ہیں۔

بقیہ نمبر 5

بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے چینی حکومت اور عوام کو دلی مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور چین کی دوستی ہر آزمائش میں ثابت قدم رہی ہے، جبکہ پاک چین دوستی باہمی اعتماد، احترام اور مشترکہ مفادات پر مبنی ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان برادرانہ تعلقات وقت کے ساتھ مزید مضبوط ہو رہے ہیں۔ گورنر سندھ نے کہا کہ پاک چین اقتصادی راہداری (سی پیک) دونوں ممالک کے دیرینہ دوستانہ تعلقات کا عملی مظہر ہے۔ سی پیک کے ذریعے صنعت، تجارت، سرمایہ کاری اور روزگار کے مزید مواقع پیدا ہوں گے۔ پاک چین تعاون اب انفراسٹرکچر سے آگے بڑھ کر صنعت، ٹیکنالوجی، زراعت اور جدت کے شعبوں تک پھیل رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین کی ترقی پاکستان کے لیے تجربات اور باہمی تعاون کے نئے مواقع فراہم کرتی ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان بڑھتا ہوا تعاون اقتصادی اور معاشی ترقی کے ساتھ ساتھ عوامی روابط کو بھی مزید فروغ دے رہا ہے۔ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا کہ پاک چین مضبوط دوستی خطے میں امن، استحکام اور خوشحالی کے لیے اہم ہے۔ پاکستان اور چین کے درمیان دیرینہ اور آزمودہ تعلقات باہمی تعاون کی مضبوط بنیاد ہیں، جنہیں مزید مستحکم کیا جارہا ہے۔ گورنر سندھ نے چینی حکومت اور عوام کے لیے ترقی، خوشحالی اور کامیابی کے نئے سفر کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 6

بھی انکار نہیں کیا، قیادت اور پارلیمانی پارٹی کی ملاقاتوں کے بعد پریس کانفرنسز ہوئیں، مطالبات ایڈریس نہ ہوں تو احتجاج روکنے کا مطالبہ کیسے کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عدالتی احکامات پر عملدرآمد نہ ہو تو حالات کیسے بہتر ہوں گے، جمہوری معاشروں میں بہتری عملی اقدامات سے آتی ہے، ریاست سنجیدہ ہے تو عملی اقدامات کرے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ 27 ستمبر کا لانگ مارچ ضرور ہوگا، مکمل پرامن ہوگا، بانی کے خاندان اور کارکنوں سے متعلق اقدامات پر تحفظات ہیں، ریاست کو اپنے اقدامات پر نظرثانی کرنا چاہیے۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ موجودہ صورتحال سے ریاست اور جمہوریت کو نقصان ہوگا، عوام کے راستے میں رکاوٹیں نہیں ہونی چاہئیں۔

بقیہ نمبر 7

خصوصی بچوں کی تعلیم کے معیار میں بہتری کیلئے سائن لینگویج ٹیچرز ٹریننگ پروگرام بھی شروع کیا گیا ہے، جس سے اساتذہ کی پیشہ ورانہ استعداد میں اضافہ ہوگا۔ ڈیجیٹل کلاس رومز، سیٹلائٹ اسکولز اور سائن لینگویج ٹیچرز ٹریننگ پروگرام کو مزید وسعت دینا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ نمبر 8

دیتے ہوئے کہا کہ یہ زبان اور حرکتیں جنگلیوں کی ہی ہوسکتی ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پختون تو عورتوں کی عزت کرنے والے لوگ ہیں۔ یہ گھٹیا ذومعنی جملے اس موصوف کی تربیت دکھاتے ہیں۔ ان کی والدہ اور گھر کی باقی عورتوں کے لیے دلی ہمدردی ہے۔

بقیہ نمبر 9

کی منظور شدہ ٹائم لائن کے مطابق بولی دہندگان کے معائنے کے لیے دستیاب ہوں گی جبکہ کامیاب بولی دہندہ اس امر کا حلف نامہ دے گا کہ اس نے جن اشیا کے لیے بولی دی ہے ان کا معائنہ کرلیا ہے۔ اس مقصد کے لیے اینڈکس اے میں مقررہ فارم بھی متعارف کرایا گیا ہے مزید برآں کلکٹر کے فیصلے سے متاثرہ کوئی بھی بولی دہندہ ایسے فیصلے کے 15 دن کے اندر متعلقہ چیف کلکٹر کے سامنے اپیل دائر کرسکے گا

بقیہ نمبر 10

کے والد محمد یوسف تنولی اور بھائی جنید سے ملاقات کی۔ اس موقع پر شہید پولیس اہلکار کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی گئی، جبکہ انسپکٹر شرافت خان نے حال ہی میں آپریشن سے گزرنے والے شہید کے والد کی عیادت کرتے ہوئے انہیں ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ بعدازاں انسپکٹر شرافت خان نے سب انسپکٹر محمد شاہد کے ہمراہ تبا ہارٹ ہسپتال عزیز آباد اور عباسی شہید ہسپتال کا اچانک دورہ کیا۔ دونوں ہسپتالوں میں فوکل پرسنز انسپکٹر ملک حبیب اور سب انسپکٹر جمشید کو ڈیوٹی پر موجود پایا گیا۔ فوکل پرسنز نے پولیس افسران و اہلکاروں اور ان کے اہلخانہ کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور خدمات کے حوالے سے بریفنگ دی۔ انسپکٹر شرافت خان نے ہدایت کی کہ پولیس افسران، اہلکاروں اور ان کے اہلخانہ کو علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی میں ہر ممکن تعاون یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے فوکل پرسنز کے درپیش مسائل بھی سنے اور ان کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ نمبر 11

فاروق ستار ایک نشست تو درکنار ایک یونین کونسل بھی نہیں جیت سکتے۔ انہوں نے ایم کیو ایم کی حالیہ ریلی پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ روز نکالی گئی ریلی کو عوام نے مسترد کردیا، ایک وقت تھا جب ان کے اشارے پر شہر بند ہو جاتا تھا، لیکن آج ان کی چنگی سے شہر تو کیا گھر بھی بند نہیں ہوتا۔ سعید غنی نے کہا کہ 2024 کے عام انتخابات میں ایم کیو ایم نے کوئی قومی یا صوبائی نشست نہیں جیتی، میں نام نہیں لوں گا لیکن جانتا ہوں کہ انہیں کس طرح نشستیں دلوائی گئیں۔ صوبائی وزیر نے دعویٰ کیا کہ سندھ اسمبلی میں بھی ایم کیو ایم کے چار گروپ بنے ہوئے ہیں جو ایک دوسرے کو برا بھلا کہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر پیپلز پارٹی کراچی میں ریلی نکالے گی تو وہ ایم کیو ایم کی ریلی سے کئی گنا بڑی ہوگی۔ سعید غنی نے کہا کہ ماضی میں ایم کیو ایم کی سیاست کے باعث مختلف زبانیں بولنے والے شہریوں کو نشانہ بنایا گیا، سندھی، بلوچی، پنجابی اور پشتو بولنے والے صرف زبان کی بنیاد پر قتل کیے جاتے رہے، تاہم اب کسی کو دوبارہ دہشت گردی کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے مصطفیٰ کمال کے حوالے سے خالد مقبول صدیقی سے متعلق سابقہ بیان کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ یہ بات ریکارڈ پر موجود ہے کہ مصطفیٰ کمال نے خالد مقبول صدیقی پر سنگین الزامات عائد کیے تھے۔ سعید غنی نے کہا کہ کراچی میں رہنے والے تمام زبانوں اور قومیتوں کے افراد اس شہر کے برابر کے شہری ہیں، یہ کسی ایک گروہ یا زبان بولنے والوں کا شہر نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کراچی میں سیاسی طور پر اپنا کردار ادا کرتی رہے گی اور شہر میں سیاسی سرگرمیوں کے ذریعے عوام سے رابطہ مضبوط کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 12

سال اسی مدت میں یہ رقم 391 ارب روپے کے مساوی تھی۔ دستاویز کے مطابق زیر جائزہ مدت کے دوران مختلف منصوبوں کے لیے 48 کروڑ 45 لاکھ ڈالر جبکہ غیر منصوبہ جاتی مد میں ایک ارب 21 کروڑ ڈالر حاصل ہوئے۔ عالمی مالیاتی اداروں کی جانب سے پاکستان کو 59 کروڑ ڈالر سے زائد قرض فراہم کیا گیا۔ اسلامی ترقیاتی بینک نے 19 کروڑ 12 لاکھ ڈالر جبکہ عالمی بینک نے 23 کروڑ 84 لاکھ ڈالر فراہم کیے۔ ایشیائی ترقیاتی بینک سے بھی بیرونی مالی معاونت حاصل ہوئی۔ اقتصادی امور ڈویژن کے مطابق مختلف ممالک نے اس عرصے میں مجموعی طور پر 3 کروڑ 52 لاکھ ڈالر فراہم کیے، جن میں جرمنی کے ایک کروڑ 28 لاکھ ڈالر اور سعودی عرب کے 89 لاکھ ڈالر شامل ہیں۔ رواں مالی سال کے پہلے دو ماہ میں چین کی جانب سے پاکستان کو کوئی مالی معاونت نہیں دی گئی۔ دستاویز کے مطابق نیا پاکستان سرٹیفکیٹ کی مد میں 62 کروڑ 97 لاکھ ڈالر جبکہ غیر ملکی کمرشل بینکوں سے 30 کروڑ ڈالر قرض حاصل کیا گیا۔

بقیہ نمبر 13

زخمی ہوگئے اور بعدازاں دم توڑ گئے۔ واقعے کا مقدمہ تھانہ ڈاکس میں درج کرکے تفتیش شروع کی گئی۔ پولیس نے تکنیکی شواہد اور سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے ملزمان کی شناخت کی اور کارروائی کرتے ہوئے محمد فیصل کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم واردات سے قبل بینک کے اندر گیا اور شہری کی نقل و حرکت پر نظر رکھی۔ بعدازاں بینک سے باہر آکر اس نے ساتھی شاہ فیصل سے موٹر سائیکل لی اور خود ڈرائیونگ کی، جبکہ شاہ فیصل پیچھے بیٹھا تھا۔ رقم چھیننے کے دوران مزاحمت پر شاہ فیصل نے شہری پر فائرنگ کی۔ پولیس کے مطابق واردات کے بعد دونوں ملزمان چریا چوک، کسٹم ہاؤس، ٹی جیٹی اور ماڑی پور روڈ سے ہوتے ہوئے سعید آباد فرار ہوگئے۔ گرفتار ملزم کے قبضے سے 30 بور پستول، موٹر سائیکل اور چھینی گئی رقم میں سے 3 لاکھ روپے برآمد کرلیے گئے۔ پولیس حکام نے کہا کہ دونوں ملزمان عادی جرائم پیشہ ہیں اور ماضی میں متعدد مقدمات میں گرفتار ہوکر جیل جاچکے ہیں۔ گرفتار ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے جبکہ دوسرے ملزم شاہ فیصل کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جارہے ہیں۔

بقیہ نمبر 14

جائز مسائل کے فوری ازالے کی ہدایت کی۔ کھلی کچہری میں حیدرآباد ڈویژن کے مختلف اضلاع سے بڑی تعداد میں پنشنرز، سرکاری ملازمین، نومنتخب اساتذہ اور شہریوں نے شرکت کی اور اکاؤنٹنٹ جنرل سندھ کے سامنے اپنے مسائل براہ راست پیش کیے۔ اس موقع پر اکاؤنٹنٹ جنرل سندھ نے کہا کہ کھلی کچہری کا بنیادی مقصد عوام کو افسران تک براہ راست رسائی فراہم کرنا اور پنشن سمیت دیگر سرکاری معاملات میں ایجنٹس کے کردار کی حوصلہ شکنی کرنا ہے۔ انہوں نے ملازمین پر زور دیا کہ وہ اپنے کیسز براہ راست جمع کرائیں تاکہ شکایات کا شفاف اور بروقت ازالہ یقینی بنایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ بیشتر شکایات کا تعلق طریقہ کار میں تاخیر اور ملازمین میں معلومات کی کمی سے ہے۔ تمام سرکاری محکموں میں جلد ہیلپ ڈیسک قائم کیے جائیں گے، جبکہ محکمہ تعلیم نے بھی ملازمین کی رہنمائی کے لیے ہیلپ ڈیسک قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ 27 جنوری سے ملازمین کو ریٹائرمنٹ کے روز ہی پنشن اور دیگر قابل ادائیگی مراعات جاری کرنے کا نظام نافذ کیا جائے گا۔ اکاؤنٹنٹ جنرل سندھ نے کہا کہ ان کا دفتر تنخواہوں اور پنشن کی بروقت ادائیگی اور شفاف مالیاتی نظام کے ذریعے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ نومنتخب اساتذہ کی جانب سے تنخواہوں کی ادائیگی میں تاخیر کی شکایات پر انہوں نے یقین دلایا کہ محکمانہ کارروائی اور مطلوبہ دستاویزات مکمل ہوتے ہی ادائیگیاں عمل میں لائی جائیں گی۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو اساتذہ سے مکمل تعاون کرنے اور زیر التوا تقاضے جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ کھلی کچہری میں پنشن کیسز، تنخواہوں کی ادائیگی اور الاؤنس سے متعلق مختلف مسائل بھی پیش کیے گئے۔ اکاؤنٹنٹ جنرل سندھ نے ہر شکایت کو انفرادی طور پر سنا اور متعلقہ افسران کو تمام جائز مسائل بلاتاخیر حل کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے بتایا کہ سرکاری ملازمین اور پنشنرز کو ہر ماہ 28 تاریخ کو تنخواہوں اور پنشن کی ادائیگی کی جارہی ہے، جو ملک میں ابتدائی ادائیگی کے شیڈولز میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتظامی اصلاحات اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کے ذریعے پنشن اور تنخواہوں کی ادائیگی کے نظام کو مزید بہتر بنانے کے لیے مسلسل اقدامات جاری ہیں۔ اکاؤنٹنٹ جنرل سندھ نے کہا کہ کھلی کچہریاں عوام اور سرکاری افسران کے درمیان براہ راست رابطے کا مؤثر ذریعہ ہیں، جن کے ذریعے مسائل کی بروقت نشاندہی اور ان کے حل کو یقینی بنایا جاسکتا ہے۔ اس موقع پر ایڈیشنل اے جی کے خالد مغل، اسسٹنٹ اکاؤنٹنٹ جنرل فصیح جلبانی، اکاؤنٹ آفیسر مقبول شیخ، ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر حیدرآباد سید افتخار علی، اے ڈی اکاؤنٹس افسران امان اللہ بوزدار، نعیم لیاقت، پیرشمس، احسن راہوجو، جبکہ حیدرآباد ڈویژن کے مختلف اضلاع کے ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 15

صاف کیا جائے اور صفائی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کیلئے تمام متعلقہ بلدیاتی اداروں کو آن بورڈ لیا جائے۔ اجلاس میں ایم ڈی سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ فواد غفار سومرو نے شہر میں جاری صفائی آپریشن، لینڈ فل سائٹس اور جدید گاربیج ٹرانسفر اسٹیشنز کے حوالے سے بریفنگ دی۔ ایڈیشنل چیف سیکریٹری سندھ ڈاکٹر وسیم شمشاد سمیت دیگر متعلقہ افسران بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔ ناصر حسین شاہ نے کہا کہ شہر میں صفائی کی صورتحال میں بہتری نظر آرہی ہے، تاہم نظام کو مزید بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ شہر میں موجود تعمیراتی ملبہ ایک مرتبہ مکمل طور پر صاف کرنے کے بعد اسے دوبارہ سڑکوں، خالی پلاٹوں یا دیگر مقامات پر پھینکنے کی روک تھام کیلئے مستقل اور مؤثر میکنزم تشکیل دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ میکنزم میں تمام متعلقہ اداروں کو شامل کیا جائے اور ملبہ غیر قانونی طور پر پھینکنے والے افراد یا عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔ وزیر بلدیات نے شہید بینظیرآباد اور میرپورخاص میں بھی صفائی آپریشن جلد شروع کرنے کی ہدایت کی۔ ایم ڈی سالڈ ویسٹ فواد غفار سومرو نے بتایا کہ دونوں اضلاع میں صفائی آپریشن کے حوالے سے فزیبلٹی اسٹڈی آخری مراحل میں ہے جبکہ لینڈ فل سائٹس کے قیام کیلئے مختلف علاقوں کا سروے جاری ہے۔ ضروری انتظامات مکمل ہوتے ہی دونوں اضلاع میں صفائی آپریشن شروع کردیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ پائیدار ویسٹ مینجمنٹ ماڈل تشکیل دے رہا ہے، جس میں ری سائیکلنگ پلانٹس سمیت جدید اقدامات کے ذریعے صفائی کے اخراجات کم کرنے، کچرے سے توانائی پیدا کرنے اور قابل استعمال مواد کو دوبارہ کارآمد بنانے کے امکانات پر کام کیا جارہا ہے۔ فواد غفار سومرو نے بتایا کہ شہر میں مختلف مقامات پر کچرا اور تعمیراتی ملبہ غیر قانونی طور پر پھینکنے والے متعدد افراد کے خلاف ایف آئی آرز بھی درج کرائی گئی ہیں۔ لینڈ فل سائٹ پر رات کے اوقات میں بھی افسران کی ڈیوٹیاں مقرر کی گئی ہیں، جس سے کچرے کی آمد و رفت اور آپریشن کی نگرانی میں بہتری آئی ہے۔ اجلاس میں شہری صفائی، کچرے کی منتقلی، لینڈ فل سائٹس، جدید جی ٹی ایس اور پائیدار ویسٹ مینجمنٹ نظام سے متعلق مختلف امور کا بھی جائزہ لیا گیا۔

بقیہ نمبر 16

کہا کہ سیاسی اختلافات کو ذاتی دشمنی میں تبدیل کرنے کے بجائے تمام فریقوں کو قومی مفاد کے لیے مذاکرات کی میز پر بیٹھنا چاہیے، سیاسی استحکام کے بغیر نہ معیشت مضبوط ہوسکتی ہے اور نہ ہی عوام کے مسائل حل کیے جاسکتے ہیں۔ انہوں نے علیمہ خان کی گرفتاری پر اپنے بیان میں کہا کہ اس قسم کے اقدامات سے مفاہمت کی فضا خراب اور سیاسی کشیدگی میں مزید اضافہ ہوگا، جس کا ملک متحمل نہیں۔ سابق گورنر پنجاب نے کہا کہ تلخ ماضی کو فراموش کرکے آگے بڑھنا ہوگا، موجودہ حالات میں حکومت اور اپوزیشن دونوں کو تحمل، برداشت اور ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ چوہدری سرور نے کہا کہ ملک کو مزید محاذ آرائی کی طرف دھکیلنے کے بجائے آئین، قانون اور جمہوری اصولوں کے دائرے میں رہتے ہوئے بامقصد مکالمے کا آغاز کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ قومی مسائل کا پائیدار حل گرفتاریوں، دباؤ یا طاقت کے استعمال میں نہیں بلکہ مذاکرات، انصاف اور سیاسی مفاہمت میں پوشیدہ ہے۔

بقیہ نمبر 17

معیار میں خرابی کے باعث متعدد بسوں کے انجن متاثر ہوئے اور انہیں مرمت کیلئے متعلقہ ڈپو منتقل کردیا گیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ناورے سے گلشن حدید جانے والے اہم روٹ پر بی 11 سے زائد پیپلز بسیں خراب ہونے کے باعث سروس سے باہر ہیں، جس کے نتیجے میں روزانہ سفر کرنے والے ہزاروں مسافروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ شدید گرمی اور حبس کے دوران بسوں کی تعداد میں کمی کے باعث شہریوں کو پبلک ٹرانسپورٹ کے حصول کیلئے طویل انتظار کرنا پڑ رہا ہے۔ مسافروں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ بسوں کی خرابی کی وجوہات کا فوری تعین، ڈیزل کے معیار کی جانچ اور ذمہ دار عناصر کے خلاف کارروائی کی جائے جبکہ خراب بسوں کو جلد از جلد مرمت کرکے روٹس پر بحال کیا جائے۔

بقیہ نمبر 18

کرکٹ اکیڈمی میں پریکٹس کرنے سے منع کردیا، وکٹ کیپر بیٹر نے اپنے ڈپارٹمنٹ ایس این جی پی ایل کو اسلام آباد میں جوائن کیا۔ اس حوالے سے ذرائع کا مزید کہنا تھا کہ شان مسعود کی غیر موجودگی میں رضوان کو ڈپارٹمنٹ کی جانب سے کپتانی کا کہا گیا تھا، انہوں نے اپنے ڈپارٹمنٹ کے پریکٹس سیشن اور ٹیم میٹنگ میں بھی حصہ لیا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کی جانب سے ایس این جی پی ایل مینجمنٹ سے رابطہ کیا اور پیغام دیا کہ انکوائری چل رہی ہے، رضوان کو واپس بھیج دیں۔ رضوان کو ڈپارٹمنٹ مینجمنٹ نے پی سی بی کے حکم سے آگاہ کیا، ایس این جی پی ایل مینجمنٹ رضوان کو فٹنس ٹیسٹ لینے کیلئے تیار تھی۔

بقیہ نمبر 19

کے حوالے سے کافی پرامید ہیں اور ان دنوں شیروز کے پروموشنز میں مصروف ہیں۔ نجی ٹی وی گفتگو میں اداکارہ نے اپنے کردار کے بارے میں بتایا کہ ان کے کردار کا نام بھی سائرہ ہے، زارا نے کہا کہ وہ بم ڈسپوزل اسکواڈ کے عملے میں ایک ایسی افسر کا کردار ادا کررہی ہیں جس کی صلاحیتوں کو خاتون ہونے کی وجہ سے نظرانداز کیا جاتا ہے۔ اپنے کردار کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ مجھے پتا چلتا ہے کہ ایک بم ہے جو کہیں رکھا گیا ہے، مجھے نہ صرف اس بم کو ڈسپوز کرنا ہے بلکہ اپنے آپ کو ثابت بھی کرنا ہے کہ میں یہ کرسکتی ہوں۔ اداکارہ نے جواب میں کہا کہ اگر مجھے موقع ملا تو خواتین و بچوں کے ساتھ زیادتی کے جتنے بھی کیسز ہیں ان تمام مجرموں کو پھانسی پر لٹکا دوں گی، میں نہیں دیکھوں گی کہ قانون کیا کہتا ہے، جو بھی ملوث ہوگا اسے پھانسی دے دوں گی۔

بقیہ نمبر 20

مقدمے کا ضمنی چالان پیش نہ کرسکی۔ ملزمہ انمول پنکی اور ملزم سمیر ویڈیولنک کے ذریعے عدالت میں پیش ہوئے۔ پولیس کی جانب سے ضمنی چالان پیش نہ کرنے پر عدالت نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ 2 سماعتوں سے پولیس کی جانب سے مہلت طلب کی جارہی ہے۔ عدالت نے حکم دیا کہ آئندہ سماعت پر مقدمے کا ضمنی چالان اور پیش رفت رپورٹ پیش کی جائے۔ عدالت نے سماعت 3 اکتوبر تک ملتوی کردی۔ واضح رہے کہ ملزمہ انمول پنکی اور سمیر کے خلاف تھانہ درخشاں اور تھانہ بغدادی میں مقدمات درج ہیں۔ گزشتہ ماہ اگست میں ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت جنوبی نے قتل بالسبب کے مقدمے میں انمول عرف پنکی پر فرد جرم عائد کی تھی۔ ویڈیولنک کے ذریعے پیش ہونے والی ملزمہ نے صحت جرم سے انکار کرتے ہوئے الزامات مسترد کردیے تھے۔

بقیہ نمبر 21

کے ریجنل ڈائریکٹر نوشہرو فیروز خان محمد زرداری نے کہا کہ ان کا محکمہ عوام بالخصوص درخواست گزاروں کو فوری اور سستا انصاف فراہم کرنے کی کوشش کررہا ہے جس کے لیے ان کا محکمہ دن رات کوشاں ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ہم یہ کھلی کچہری صوبائی محتسب کی ہدایات پر کررہے ہیں۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ کسی بھی وقت ان کے دفتر میں اپنے کسی بھی مسئلے کے حوالے سے درخواست دے سکتے ہیں اور عوام کے مسائل کے لیے ان سے ملاقات کرسکتے ہیں تاکہ ان کا حل نکالا جاسکے۔ کھلی کچہری کے دوران محکمہ خزانہ سے متعلق 25 کیسز پیش کیے گئے جن میں سے دس کیسز حل ہوئے۔ جب کہ دس مزید درخواست گزاروں نے شکایات جمع کرائیں جن پر جلد از جلد حل کی ہدایات جاری کی گئیں۔ کھلی کچہری کے دوران شکایات پر متعلقہ آڈیٹرز سے سوالات کیے گئے اور مسائل کو حل کرنے کی ہدایات دی گئیں۔ اس موقع پر ضلع کے مختلف محکموں کے افسران موجود تھے۔ کھلی کچہری کے دوران ملازمین اور پنشنرز نے تنخواہوں کی ادائیگی میں تاخیر اور پنشن کی عدم ادائیگی کی شکایات موصول ہوئیں۔ محتسب کے ریجنل ڈائریکٹر نے ٹریژری آفس کے حکام کو قانونی تقاضے پورے کرنے کے بعد ادائیگیاں کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ نمبر 22

سینئر اساتذہ کو شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی، آفس کارڈ اور اتھارٹی لیٹر کے ساتھ مقررہ تاریخوں میں میٹرک بورڈ کے متعلقہ سیکشن گراؤنڈ فلور کمرہ نمبر 23 بلاک B میں بھیج کر صبح 9:30 بجے سے سہ پہر 1 بجے تک جبکہ جمعہ کو صبح 9:30 سے سہ پہر 12:00 بجے تک سرٹیفکیٹ حاصل کرسکتے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق 28 ستمبر کو نیو کراچی، نارتھ ناظم آباد، گلبرگ، یکم اکتوبر کو گلشن اقبال، لیاقت آباد، جمشید ٹاؤن اور 5 اکتوبر کو گارڈن، صدر، لیاری ٹاؤن، کیماڑی، سائٹ، اورنگی ٹاؤن، بلدیہ ٹاؤن، لانڈھی، شاہ فیصل ٹاؤن، کورنگی، ملیر، بن قاسم اور گڈاپ کے سرٹیفکیٹ حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ سیکریٹری بورڈ ڈاکٹر نوید احمد نے اسکولوں کے سربراہان سے کہا ہے کہ سرٹیفکیٹ جاری کرتے وقت طلباء وطالبات سے کسی بھی قسم کی فیس نہیں لی جائے۔ یاد رہے کہ بورڈ کے قواعد کے مطابق سرٹیفکیٹ کی جاری کردہ تاریخ کے چھ ماہ گزرنے کے بعد بورڈ آفس سے مخصوص کی گئی فیس کے ساتھ سرٹیفکیٹ جاری کئے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 23

منصور سے ملاقات کی۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے فلسطینی کاز اور فلسطینی عوام کے لیے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا، جس میں فلسطینی عوام کا حق خود ارادیت اور ایک آزاد، متصل اور خودمختار فلسطینی ریاست کا ناقابل تنسیخ حق بھی شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس اور تمام متعلقہ فورمز پر اس مسئلے کو بھرپور انداز میں اٹھاتا رہے گا۔ اس کے علاوہ اجلاس کے موقع پر ہونے والی دوطرفہ ملاقاتوں میں بھی یہ معاملہ اجاگر کیا جائے گا، جبکہ غزہ میں جاری انسانی مشکلات کے فوری خاتمے اور منصفانہ اور پائیدار امن کے لیے بین الاقوامی کوششوں کو آگے بڑھایا جائے گا۔

بقیہ نمبر 24

اعلامیے کے مطابق گیارہویں جماعت کیلئے کمپیوٹر ایجوکیشن اور لائبریری سائنس کی نئی درسی کتب شامل کی گئی ہیں، جبکہ بارہویں جماعت کیلئے کمپیوٹر ایجوکیشن کی کتاب اور کیمسٹری کا پریکٹیکل جرنل جاری کیا گیا ہے۔ سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ نے تمام کالجز اور ہائیر سیکنڈری اسکولوں کو ہدایت کی ہے کہ تدریس اور امتحانات کیلئے جاری کردہ نیا نصاب استعمال کیا جائے۔ محکمہ تعلیم سندھ کی جانب سے ڈائریکٹر کالجز، ہائیر سیکنڈری اسکولز اور تعلیمی بورڈز کو بھی اس حوالے سے مراسلہ ارسال کردیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 25

سربراہ محمد الخولی، اسکول میلز سندھ کی سربراہ کیٹلن رنیان گلیس، غذائیت کی سربراہ سلمیٰ یعقوب اور پروگرام پالیسی افسر عمر فاروق خان نے شرکت کی۔ اجلاس میں سندھ پائیدار اسکول کھانا پروگرام پر خصوصی توجہ دی گئی۔ حکام نے بتایا کہ پروگرام کیلئے امریکی محکمہ زراعت کی جانب سے تقریباً 80 ملین ڈالر کی گرانٹ فراہم کی گئی ہے، جس کے تحت سندھ کے 5 اضلاع کے 1336 سرکاری اسکولوں میں تقریباً ڈھائی لاکھ طلبہ مستفید ہوں گے۔ پروگرام میں کیماڑی، ملیر، سجاول، ٹھٹھہ اور ٹنڈو محمد خان شامل ہیں۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ڈبلیو ایف پی کیماڑی اور ملیر جبکہ سیو دی چلڈرن انٹرنیشنل سجاول، ٹھٹھہ اور ٹنڈو محمد خان میں پروگرام پر عملدرآمد کرے گا۔ پروگرام کے تحت اسکولوں میں کھانے کی فراہمی کے علاوہ واش سہولیات کی بحالی، غذائیت سے متعلق تعلیم، غذائی تحفظ، خوراک کی صفائی، خواندگی میں بہتری اور بچوں کے تحفظ کی سرگرمیاں بھی شامل ہیں۔ حکام نے بتایا کہ کیماڑی اور ملیر میں ڈبلیو ایف پی کے تحت 614 اسکولوں کے تقریباً ایک لاکھ طلبہ کو 5 سال تک پروگرام کی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ وزیر اعلیٰ کو مفاہمت کی یادداشت، نگرانی کمیٹیوں، مستحق اسکولوں کے انتخاب، کچن کی تعمیر کے مقامات کی منظوری، بنیادی سروے اور عملدرآمد کے انتظامات سے متعلق پیش رفت سے بھی آگاہ کیا گیا۔ اجلاس میں بینظیر نشوونما پروگرام کیلئے ڈبلیو ایف پی کی جاری معاونت، زچگی اور بچوں کی غذائیت، شدید غذائی قلت کے کمیونٹی بنیادوں پر انتظام اور موسمیاتی لچک کے پروگراموں کا بھی جائزہ لیا گیا۔ سیلاب، خشک سالی اور دیگر موسمیاتی ہنگامی حالات سے قبل کمزور خاندانوں کو بروقت مدد فراہم کرنے کیلئے پیشگی اقدامات اور سماجی تحفظ کے نظام کو مضبوط بنانے پر بھی گفتگو ہوئی۔ وزیر اعلیٰ مراد علی شاہ نے کہا کہ خوراک، غذائیت اور انسانی سرمائے کی ترقی پائیدار ترقی کے بنیادی ستون ہیں۔ سندھ پائیدار اسکول کھانا پروگرام صرف خوراک کی فراہمی کا منصوبہ نہیں بلکہ بچوں کے مستقبل میں سرمایہ کاری ہے۔ غذائی قلت سے نمٹنے اور اسکول حاضری بہتر بنانے سے صحت مند اور خوشحال سندھ کی بنیاد رکھی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ موسمیاتی تبدیلی سے سب سے زیادہ متاثرہ خطوں میں شامل ہے، اس لیے فعال اور پیشگی نظام ناگزیر ہیں۔ موسمیاتی خطرات سے نمٹنے کیلئے پیشگی اقدامات اور مؤثر سماجی تحفظ کو مضبوط بنایا جائے گا جبکہ صوبے بھر میں موسمیاتی لچک اور پیشگی اقدامات کے طریقہ کار کو ادارہ جاتی شکل دی جائے گی۔ مراد علی شاہ نے حکومتی نظام مضبوط بنانے اور جامع اسکول صحت و غذائیت پالیسی تشکیل دینے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اسکول کھانا پروگرام کو مزید اضلاع تک توسیع دی جائے اور غذائیت، واش، تعلیم اور سماجی تحفظ کو مربوط کیا جائے۔ ڈبلیو ایف پی پاکستان کی نمائندہ انیتا ہرش نے سندھ حکومت کی قیادت اور عزم کو سراہتے ہوئے کہا کہ سندھ پائیدار اسکول کھانا پروگرام غذائیت، تعلیم، صحت اور مقامی اقتصادی ترقی کو یکجا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈبلیو ایف پی کی عالمی حکمت عملی حکومتی اداروں کو مضبوط اور لچکدار نظام بنانے پر مرکوز ہے اور ادارہ سندھ حکومت کے ساتھ پائیدار نظام کی تعمیر میں شراکت داری جاری رکھے گا۔ صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر عذرا فضل پیچوہو نے کہا کہ تعلیم اور صحت کی خدمات کے ساتھ غذائیت کو مربوط کرنا ضروری ہے۔ غذائی قلت بچوں اور ماؤں کو درپیش اہم چیلنجز میں شامل ہے، جبکہ زندگی کے پہلے ایک ہزار دن اور ابتدائی بچپن میں سرمایہ کاری کے دیرپا فوائد سامنے آتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بینظیر نشوونما اور اسکول میل پروگرام بچوں کی غذائیت بہتر بنانے اور کم قدی میں کمی لانے میں معاون ہیں۔ چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ نجم احمد شاہ نے ڈبلیو ایف پی کے ساتھ شراکت داری کو سندھ کی ترجیحات سے ہم آہنگ قرار دیتے ہوئے کہا کہ تعاون سے خوراک، موسمیاتی لچک، غذائیت اور سماجی تحفظ کے شعبوں میں عالمی تجربات سے استفادہ ہو رہا ہے۔ اجلاس کے اختتام پر فریقین نے اسکول میل، غذائیت، خوراک کی نظام اور موسمیاتی لچک کے جاری پروگراموں کی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے تعاون مزید مضبوط بنانے، پیشگی اقدامات، سماجی تحفظ اور ادارہ جاتی استعداد بڑھانے کیلئے شراکت داری جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ نمبر 26

دیکھنا چاہتے ہیں کہ مڈٹرم الیکشن میں میری پوزیشن کیا رہتی ہے، ایرانیوں کو احساس نہیں کہ میں تو مڈٹرم الیکشن میں لڑ ہی نہیں رہا۔ اپنے خطاب میں امریکی صدر نے کہا دعویٰ کیا کہ امریکی بحریہ نے آبنائے ہرمز سے ایک ارب بیرل تیل نکلوایا ہے۔ انہوں نے جنرل اسمبلی اجلاس سے خطاب میں ایک بار پاکستان اور بھارت کی جنگ ختم کرانے کا ذکر کیا۔ اپنے خطاب میں ٹرمپ نے تمام ممالک سے اپیل کی کہ وہ بین الاقوامی فوجداری عدالت سے نکل جائیں۔ ٹرمپ نے کہا کہ کوئی بھی عالمی ادارہ امریکا پر اپنا ایجنڈا مسلط کرنے کی کوشش نہ کرے، عالمی فوجداری عدالت کو امریکی شہریوں پر دائرہ اختیار حاصل نہیں، امریکا کی خودمختاری اور سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، کسی عالمی ادارے کو امریکی شہریوں کے خلاف کارروائی کی اجازت نہیں دیں گے اور امریکا اپنے شہریوں اور قومی مفادات کا ہر صورت دفاع کرے گا۔ ٹرمپ نے واضح کیا کہ امریکا اپنے فوجی اہلکاروں کو کسی بھی امریکا مخالف ٹریبونل کے نام نہاد اور نمائشی ٹرائلز کا نشانہ بننے کی ہرگز اجازت نہیں دے گا۔ انہوں نے رکن ممالک کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ میں عدالت کے تمام رکن ممالک سے مطالبہ کرتا ہوں کہ وہ فوری طور پر اس بدمعاش ادارے سے باضابطہ طور پر مستعفی ہوجائیں۔

بقیہ نمبر 27

اختلاف عزت کے ساتھ کرنا ہوگا۔ منگل کو یہاں پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کوہاٹ سے خیبر پختونخوا کے دورے کا آغاز کیا، خیبر پختونخوا غیور عوام کی دھرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوہاٹ واقعہ کے زخمیوں اور شہداء کے لواحقین سے ملاقات ہوئی، ان کے حوصلے بلند دیکھے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ شہید پولیس کانسٹیبل نعیم اللہ کے والد نے اپنے بیٹے کی شہادت پر فخر کا اظہار کیا، پشاور پریس کلب کی دنیا میں منفرد حیثیت ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ پشاور کے صحافیوں نے دہشت گردی کی جنگ میں بڑی قربانیاں دی ہیں، فرائض کی ادائیگی کے دوران شہید ہونے والے میڈیا ورکرز اور صحافیوں کا ڈیٹا بھی تیار کیا جائے، شہید اور دوران سروس وفات پانے والے صحافیوں اور میڈیا ورکرز کے لئے لائحہ عمل مرتب کیا جائے گا

بقیہ نمبر 28

کی مقررہ ڈیڈ لائن میں نرمی صرف غیر معمولی حالات میں کی جائے گی، جبکہ جون میں ناگزیر ادائیگیوں اور تنخواہوں کی کمی کے معاملات میں رعایت دی جاسکے گی۔ نئی ہدایات کے تحت جاری کیے گئے بجٹ سے فنڈز کی دوبارہ تخصیص پر پابندی ہوگی، تاہم مجاز افسران اپنے تفویض کردہ مالی اختیارات کے اندر رہتے ہوئے فنڈز کی دوبارہ تخصیص کرسکیں گے۔ ملازمین سے متعلق اخراجات میں کمی کی صورت میں نان ایمپلائز اخراجات سے فنڈز منتقل کرنے کی بھی اجازت ہوگی

بقیہ نمبر 29

کے لیے آپریشن شروع کردیا ہے۔ معاون برائے داخلہ بابر یوسفزئی نے اس دلخراش واقعے کی تصدیق کرتے ہوئے سخت الفاظ میں مذمت کی اور فتن الہندوستان کو براہ راست ذمہ دار قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ فتن الہندوستان نے نوشکی میں پولیو ٹیم کی سکیورٹی پر مامور دو پولیس اہلکاروں کو فائرنگ کرکے شہید کردیا ہے۔ بابر یوسفزئی نے کہا کہ پولیو ٹیم پر حملہ دراصل بلوچستان کے بچوں کے مستقبل پر حملہ ہے، فتن الہندوستان بلوچستان کے امن اور بچوں کے مستقبل کا کھلا دشمن ہے، دہشت گرد عناصر نہیں چاہتے کہ بلوچستان میں امن آئے، ترقی ہو اور بیماریوں کا خاتمہ ہو۔ وہ نہیں چاہتے کہ بلوچستان کے بچے صحت مند اور محفوظ مستقبل کی طرف بڑھیں۔ معاون داخلہ نے کہا کہ پولیو ایک خطرناک بیماری ہے جو بچوں میں مستقل معذوری کا سبب بن سکتی ہے جبکہ ویکسینیشن اس سے بچاؤ کا مؤثر ذریعہ ہے۔ جو عناصر پولیو ٹیموں کو نشانہ بناتے ہیں وہ درحقیقت بلوچستان کے بچوں کو صحت اور محفوظ مستقبل کے حق سے محروم کرنا چاہتے ہیں۔ فتن الہندوستان بلوچستان کے بچوں کے مستقبل سے کھیل رہا ہے۔ بابر یوسفزئی نے زور دیا کہ پولیو ورکرز ہمارے بچوں کو بیماری سے محفوظ رکھنے کے لیے گھر گھر جارہے ہیں اور ان کی حفاظت ریاست اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ بلوچستان کے بچوں کو دہشت گردی اور بیماری نہیں بلکہ تعلیم، صحت، امن اور روشن مستقبل چاہیے۔ دہشت گرد عناصر کے عزائم بلوچستان کے بچوں کے مستقبل کو تبدیل نہیں کرسکتے، حکومت بچوں کے محفوظ اور صحت مند مستقبل کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ نمبر 30

بحثہ ہر صورت ختم کرنا ہوگا۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ عوام مہنگائی کی آگ میں جل رہے ہیں، ہماری شٹر ڈاؤن ہڑتال کی وجہ سے حکومت پر دباؤ پڑا، حکومت کو پیٹرول قیمتیں کم کرنے کے لیے مختلف تجاویز دیں لیکن حکومت نے کہا آئی ایم ایف کے پروگرام میں ہیں لیوی کم نہیں کرسکتے۔ قبل ازیں ترجمان وزیراعظم ہاؤس کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف اور امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن کے درمیان ٹیلی فونک رابطہ ہوا جس میں وزیراعظم نے امیر جماعت اسلامی کو اسلام آباد میں دھرنا مؤخر کرنے کا کہا۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت معاشی طور پر کمزور اور متوسط طبقے کو ان مشکل حالات میں پیٹرولیم مصنوعات پر ریلیف فراہم کر رہی ہے، حکومت جس قدر ممکن ہوا عوام کو ریلیف کی فراہمی یقینی بناتی رہے گی۔ امیر جماعت اسلامی نے وزیراعظم کی تجویز کا خیر مقدم کیا اور کہا کہ جماعت اسلامی دھرنا مؤخر کرنے پر غور کررہی ہے، دونوں رہنماؤں نے وزیراعظم کے دورے کے بعد ملاقات کرنے اور اس امر پر مزید مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ نمبر 31

تو حلف کی خلاف ورزی ہوگا، ہائیکورٹ کے فیصلے کی خلاف ورزی کرنے والا توہین عدالت کا مرتکب ہوگا، ویسے ہم ان کی اسٹریٹ پاور کا اندازہ لاہور اور وزیرآباد کی گلیوں سے لگا چکے ہیں۔ طلال چوہدری نے کہا کہ تحریک انصاف کی تاریخ 26 نومبر اور 9 مئی ہے، اب چڑھائی ہوئی تو ایسے روکیں گے کہ آئندہ کوئی سوچے گا بھی نہیں، اسلام آباد ہائیکورٹ کے حکم کے بعد احتجاج اور چڑھائی نہ کرنا لازم ہے، آپ اپنے صوبے کی طاقت کو وفاق کے خلاف استعمال نہیں کرسکتے۔ وزیرمملکت داخلہ نے کہا کہ جب بھی حالات سنبھلنے لگتے ہیں تو اس طرح کا کھیل شروع کردیا جاتا ہے، ان کا یہ خیال غلط ہے کہ ایسی حرکتوں سے بانی کو کوئی فائدہ ہوگا، جیل میں قیدی سے ملاقات جیل رولز کے تحت ہی ہوسکتی ہیں، سڑکیں بند کرنے یا احتجاج کرنے سے جیل میں ملاقاتیں نہیں ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ احتجاج میں سکیورٹی اہلکاروں کو مارا، کچلا، گولیاں مار کر زخمی کیا گیا، تحریک انصاف کے صوبائی صدر کہتے ہیں اسلام آباد کو سومنات بنائیں گے، سومنات تو لاشیں گرانے اور توڑ پھوڑ کرنے سے ہی بن سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین میں گورنر راج کا آپشن موجود ہے، وفاقی حکومت سیاسی حکومت ہے، کوئی کام جلد بازی میں نہیں کرنا چاہتے، سیاسی لوگوں کو موقع دینا چاہتے ہیں۔

بقیہ نمبر 32

کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، علاقائی سلامتی اور دفاع وسکیورٹی کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون پر بھی بات چیت کی گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات میں فیلڈ مارشل نے دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے اور دفاعی وسکیورٹی تعاون کو مزید بڑھانے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق معزز مہمان مسٹر نکولس روشے نے علاقائی امن واستحکام کے فروغ کے لیے پاکستان کی کوششوں کا اعتراف کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو وسعت دینے سے متعلق فرانس کی دلچسپی کا اعادہ کیا۔

بقیہ نمبر 33

اس مقررہ قیمت پر ٹیکس وصولی ہوگی۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 کے تحت مقامی طور پر تیار کردہ سبزیوں اور حیوانی چکنائی والے تیل، گھی اور کوکنگ آئل کی کم از کم قیمت مقرر کی گئی ہے۔ ایف بی آر کے نوٹیفکیشن کے مطابق کم از کم قیمت پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس (پی بی ایس) کی ویب سائٹ پر شائع ہونے والے ہفتہ وار حساس قیمت اشاریے (ایس پی آئی) کے تحت گزشتہ ماہ کے آخری ہفتے کی اوسط قومی ریٹیل قیمت میں سے 25 روپے فی کلوگرام کم کرکے مقرر کی جائے گی تاہم 25 روپے فی کلو کی یہ رعایت صرف ان رجسٹرڈ افراد کو حاصل ہوگی جو ایف بی آر کے ڈیجیٹل انوائسنگ اور پروڈکشن مانیٹرنگ سسٹم کے ساتھ مطابقت رکھتے ہوں۔ نوٹیفکیشن کے تحت گھی اور کوکنگ آئل کے برانڈز کو تین کیٹیگریز میں تقسیم کیا گیا ہے۔ کیٹیگری اے میں ڈالڈا، حبیب، صوفی، میزان، سویا سپریم اور ایوا شامل ہیں، جن کی کم از کم قیمت اوسط قومی ریٹیل قیمت کے 100 فیصد کے برابر ہوگی۔ کیٹیگری بی میں من پسند، حبیب بانڈی، سیزنز، کشمیر، کوثر، شاہ تاج، کسان، شفق اور سلطان شامل ہیں۔ جن کی قیمت اوسط قیمت کے 93 فیصد کے برابر ہوگی، جبکہ کیٹیگری سی میں دیگر تمام برانڈز شامل ہیں، جن کی کم از کم قیمت اوسط قیمت کے 85 فیصد کے برابر مقرر کی گئی ہے

بقیہ نمبر 34

آئل ریفائننگ، بلینڈنگ، ٹرانسپورٹیشن، اسٹوریج اینڈ مارکیٹنگ رولز، 2016 میں ترمیم کی منظوری دے دی۔ کمیٹی نے آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی آرڈیننس، 2002 کے سیکشن 30 میں ترمیم کی منظوری دی، جس کے تحت اوگرا میں ممبر قانون کی آسامی شامل کرنے کی تجویز منظور کی گئی۔ کمیٹی نے وفاقی پبلک سروس کمیشن آرڈیننس، 1977 میں ترمیم کی بھی منظوری دے دی۔ کمیٹی نے پاکستان میرین اکیڈمی کو ڈگری دینے والا ادارہ بنانے کی تجویز منظور کرلی، جس کے تحت پاکستان میرین اکیڈمی کو پاکستان میرین انسٹی ٹیوٹ، کراچی کے نام سے اپ گریڈ کیا جائے گا۔ کمیٹی نے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف الیکٹرانکس آرڈیننس، 1979 منسوخ کرنے کے مسودہ قانون کی منظوری دے دی۔ کمیٹی نے وفاقی فلڈ کمیشن کی ازسرنو تشکیل، تنظیم نو اور اصلاحات سے متعلق مسودہ قانون، 2026 کی بھی منظوری دے دی۔ اجلاس میں پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی (پیمرا) سے متعلق قواعد میں ترامیم کا مسودہ بھی پیش کیا گیا۔ کمیٹی نے اس معاملے پر آئندہ اجلاس میں غور کرنے کا فیصلہ کیا۔

بقیہ نمبر 35

کی گرفتاریوں کی شدید مذمت کی، سیاسی رہنماں و کارکنان کو ہراساں کرنے اور گرفتاریوں پر بھی شدید مذمت کا اظہار کیا۔ ملاقات میں سیاسی سرگرمیوں کے خلاف جاری اقدامات پر تشویش کا اظہار کیا گیا۔ اعلامیے کے مطابق 27 ستمبر کے لانگ مارچ کے حوالے سے بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، اپوزیشن اتحاد کا کہنا ہے کہ مارچ مکمل طور پر پرامن ہوگا اور جمہوری و آئینی حقوق کے لیے ہوگا۔ رہنماؤں نے کہا کہ مارچ کے حتمی دن کا فیصلہ ہم خود کریں گے کہ کب آنا ہے۔

بقیہ نمبر 36

توقع ہے۔ رپورٹ کے مطابق کراچی پورٹ کی بحری رابطہ کاری میں بہتری وزیراعظم ٹاسک فورس کی بحری اصلاحات اور حکومت کے مختلف اقدامات کے مثبت نتائج کی عکاسی کرتی ہے۔

بقیہ نمبر 37

کی اور ملک اور عوام کے تحفظ کے لیے افسران و جوانوں کی ثابت قدمی کو سراہا۔ فیلڈ مارشل نے فارمیشنز کو بروقت چوکس رہنے اور اعلیٰ ترین آپریشنل تیاری برقرار رکھنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ مسلح افواج قوم کی غیر متزلزل حمایت سے دہشت گردی کو شکست دینے کے عزم پر قائم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں دیرپا امن اور استحکام کے قیام کے لیے مسلح افواج پرعزم ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے یادگار شہداء پر حاضری دی، پھولوں کی چادر چڑھائی اور شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہداء کی عظیم قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا۔ پشاور آمد پر کور کمانڈر پشاور نے چیف آف ڈیفنس فورسز کا استقبال کیا۔

بقیہ نمبر 38

کے رابطوں اور باہمی مفاد کے علاقائی اور دوطرفہ امور پر قریبی تعاون جاری رکھنے کی اہمیت پر بھی زور دیا گیا۔ ملاقات میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے سعودی عرب کے ساتھ پاکستان کی مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے اس پر حالیہ حملوں کی مذمت کی۔ دونوں رہنماؤں نے مکہ مکرمہ جوائنٹ ڈیفنس معاہدے سے متعلقہ امور بارے تبادلہ خیال اور معاہدے کی رو سے تعاون کو مستحکم بنانے، علاقائی امن، استحکام اور سلامتی کو آگے بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 39

آبی وسائل کے تحفظ اور پائیدار استعمال کیلئے مربوط حکمت عملی ضروری ہے، جبکہ سمندری وسائل، ماہی گیری، میری ٹائم تجارت اور ساحلی ترقی پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ گورنر سندھ نے ملکی دفاع اور قومی سلامتی کے ساتھ سمندری وسائل کے تحفظ میں پاک بحریہ کے کردار کو اہم قرار دیتے ہوئے بحری سلامتی اور دفاع کیلئے پاک بحریہ کی خدمات کو سراہا۔

بقیہ نمبر 40

برانچ، ٹی ٹی ای عملے، ٹکٹ چیکرز اور اسٹیشن ماسٹرز کے ساتھ مل کر فرائض انجام دے رہی ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ بغیر ٹکٹ سفر کی روک تھام اور ریلوے آمدنی کے تحفظ کیلئے خصوصی ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جو اسٹیشنوں، پلیٹ فارموں اور ضرورت پڑنے پر دوران سفر بھی کمرشل عملے کے ساتھ مشترکہ اور اچانک چیکنگ کرتی ہیں۔ جن اسٹیشنوں اور ٹرینوں میں بغیر ٹکٹ سفر کی زیادہ شکایات موصول ہوتی ہیں وہاں خصوصی توجہ دی جا رہی ہے اور کارروائی کا باقاعدہ ریکارڈ مرتب کیا جا رہا ہے۔ ترجمان کے مطابق ڈویژنل ایس آر پیز نے آئی جی ریلویز پولیس کو بریفنگ میں تصدیق کی ہے کہ کسی بھی مقام پر ریلویز پولیس اکیلے یا ازخود ٹکٹ چیکنگ نہیں کر رہی۔ ریلویز پولیس نے اہلکاروں کو ہدایت کی ہے کہ چیکنگ کے دوران مسافروں کے ساتھ شائستہ، پیشہ ورانہ اور غیر جانبدارانہ رویہ اختیار کیا جائے۔ کسی بھی قسم کی ہراسانی، غیر قانونی حراست، بدسلوکی یا اختیارات کے ناجائز استعمال کو برداشت نہیں کیا جائے گا جبکہ ڈیوٹی میں مداخلت کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 41

گے۔ ملازمین کیلئے گھر سے کام کے دوران ٹیلی فون، ای میل اور واٹس ایپ پر دستیابی لازمی قرار دے دی گئی۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ گھر سے کام کرنے والے ملازمین کو ضرورت پڑنے پر ایک گھنٹے کے نوٹس پر دفتر پہنچنا ہوگا، گھر سے کام کرنے والے 50 فیصد ملازمین ڈائٹ الاؤنس اور اوور ٹائم چارجز کے حقدار نہیں ہوں گے۔ اعلامیے کے مطابق سرکاری گاڑیوں کے لیے ایندھن کی فراہمی میں 50 فیصد کمی کردی گئی ہے یہ اقدام تین ماہ کے لیے ہوگا جب کہ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں ہر قسم کی نئی گاڑیوں کی خریداری پر مکمل پابندی عائد کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں تمام اقسام کی پائیدار اشیا کی خریداری پر پابندی عائد کی گئی ہے تاہم آئی ٹی سامان خریداری پر پابندی سے مستثنیٰ ہے۔ اعلامیے کے مطابق 3 ماہ کے لیے غیر ملکی دوروں اور سرکاری سفری اخراجات پر مکمل پابندی عائد کی گئی ہے، بین الاقوامی ترقیاتی شراکت داروں کی اسکالرشپس، مخصوص تربیتی پروگرام سفری پابندی سے مستثنیٰ ہوں گے جب کہ غیر ملکی وفود کے علاوہ سرکاری عشائیوں کے انعقاد پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔ حکومت کی جانب سے فنڈڈ سرکاری سیمینارز، تربیتی پروگرامز اور کانفرنسز پر پابندی لگائی گئی ہے، ناگزیر سرکاری تقریبات کے لیے آڈیٹوریم، کمیٹی رومز اور دیگر سرکاری سہولیات استعمال کرنے کی ہدایت ہے۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں اخراجات کم کرنے کے لیے پیپر لیس ورکنگ ماحول اپنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے اضافی کفایت شعاری اقدامات فوری طور پر نافذ العمل ہوں گے۔

بقیہ نمبر 42

کے مطابق شہر میں ہوا میں نمی کا تناسب 69 فیصد ریکارڈ کیا گیا جبکہ مغرب سے 8 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ہلکی ہوائیں چل رہی ہیں۔ شدید گرمی اور حبس کے باعث شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ محکمہ موسمیات نے آئندہ 24 گھنٹوں میں بھی کراچی میں موسم شدید گرم اور مرطوب رہنے کی پیش گوئی کرتے ہوئے دن کے اوقات میں شدید حبس کا امکان ظاہر کیا ہے۔ ماہرین کے مطابق ہوا میں نمی زیادہ اور ہواؤں کی رفتار کم ہونے کے باعث گرمی کی شدت زیادہ محسوس ہوتی ہے۔ شہریوں کو بلاضرورت دھوپ میں نکلنے سے گریز، زیادہ پانی پینے اور گرمی و حبس سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ماہرین نے بچوں اور بزرگوں سمیت زیادہ دیر تک دھوپ یا گرم ماحول میں رہنے والے افراد کو خصوصی احتیاط کا مشورہ دیا ہے۔

بقیہ نمبر 43

قومی اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ اور ڈیٹا شیئرنگ ناگزیر ہے تاکہ موسمیاتی خطرات سے بروقت نمٹا جا سکے۔ وہ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی رابطہ کاری کے اجلاس سے خطاب کررہے تھے، جس کی صدارت سینیٹر شیری رحمان نے کی۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ تمام متعلقہ اداروں کو ایک مربوط نظام کے تحت لانے کے لیے وزیراعظم نے وزیر دفاع کی سربراہی میں ایک کمیٹی تشکیل دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ایک ایسے نظام پر کام کررہی ہے، جس کے تحت متعلقہ ادارے ایک دوسرے سے ڈیٹا طلب کرنے کے بجائے قانونی اور خودکار طریقے سے معلومات شیئر کریں۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ مختلف اداروں کے درمیان ڈیٹا کے تبادلے کے لیے ایک ورچوئل پلیٹ فارم بھی قائم کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گلیشیئرز اور پانی کے نظام سے متعلق امور وزارت آبی وسائل کے دائرہ کار میں آتے ہیں، جبکہ برف باری اور گلیشیئر پگھلنے کی نگرانی کے آلات واپڈا کے پاس ہیں۔ ارلی وارننگ سسٹم وزارت دفاع، سیٹلائٹ ڈیٹا سپارکو جبکہ ڈیزاسٹر مینجمنٹ سے متعلق امور نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کے پاس ہیں۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ سول یا دفاعی نوعیت کا سیٹلائٹ ڈیٹا سپارکو کے پاس موجود ہے، جبکہ قدرتی آفات سے متعلق ڈیٹا این ڈی ایم اے کے پاس ہے، ضرورت اس امر کی ہے کہ ان تمام نظاموں کو مربوط کیا جائے تاکہ ملک کو بروقت اور جامع معلومات دستیاب ہوں۔ انہوں نے بتایا کہ موسم سے متعلق سول معاملات کے لیے ایک نئی اتھارٹی کے قیام پر بھی کام جاری ہے، جو وزارت موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی رابطہ کاری کے تھنک ٹینک کے طور پر بھی کام کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس حوالے سے تجاویز جلد حتمی شکل دے کر وفاقی کابینہ کے سامنے پیش کی جائیں گی۔ گلیشیئرز سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ گلیشیئر اور سیلاب دو مختلف مظاہر ہیں اور دونوں سے نمٹنے کے لیے مختلف حکمت عملی درکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیم سیلاب کے پانی کو روک سکتے ہیں لیکن گلیشیئرز کو نہیں روکا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ گلیشیئر سے متعلق تباہی محض پانی کی وجہ سے نہیں ہوتی بلکہ زمین اور پہاڑی ڈھانچے کی حرکت بھی اس میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ حکومت موسمیاتی اور گلیشیئر سے متعلق خطرات کی بہتر نگرانی اور پیش گوئی کے لیے ڈیجیٹل ٹوئنگ کے نظام پر بھی کام کررہی ہے۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے موسمیاتی ڈیٹا کے لیے ڈیجیٹل لیب کے قیام کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ اجلاس کو حکام کی جانب سے بتایا گیا کہ ملک میں 115 خطرناک گلیشیائی جھیلیں موجود ہیں، جن میں سے 105 جھیلیں 5 اگست تک ان فریز ہوچکی تھیں

بقیہ نمبر 44

مزید امتحانی مواقع دینے کا فیصلہ کیا گیا تھا، جس کی روشنی میں کراچی بورڈ نے یہ اقدام کیا ہے۔ اعلامیے کے مطابق سائنس پری میڈیکل، پری انجینئرنگ، سائنس جنرل، کامرس ریگولر، کامرس پرائیویٹ، آرٹس ریگولر، آرٹس پرائیویٹ اور ہوم اکنامکس گروپس کے امیدوار اس سہولت سے فائدہ اٹھاسکیں گے۔ مذکورہ امیدوار 22 ستمبر سے 2 اکتوبر تک 6 ہزار روپے امتحانی فیس کے ساتھ اپنے امتحانی فارم انٹر بورڈ کراچی کے آن لائن پورٹل کے ذریعے جمع کراسکتے ہیں۔ امتحانی فیس بھی آن لائن پورٹل پر ''کوئیک پے'' کے ذریعے ادا کی جاسکے گی۔ بورڈ نے واضح کیا ہے کہ نامکمل امتحانی فارم قبول نہیں کیے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 45

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی زیر صدارت صوبائی ایپکس کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں صوبے میں امن و امان کی مجموعی صورت حال اور سکیورٹی امور پر تفصیلی بریفنگ دی گئی اور سکیورٹی اداروں کے درمیان مؤثر اور منظم اشتراک کار پر اظہار اطمینان کیا گیا۔ اجلاس میں پنجاب میں آرٹیفشل انٹیلی جنس ہب کے قیام کو اداروں کے درمیان بروقت معلومات کے تبادلے کے لیے اہم اقدام قرار دیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز نے دہشت گروں کے خلاف جاری آپریشن میں کامیابیوں پر اظہار تشکر کرتے ہوئے فتن الہندوستان کے خلاف آپریشن میں پاک فوج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو خراج تحسین اور آپریشن ضرب بلاالحق میں شہید کیپٹن ابوذر فاروق، لیفٹیننٹ شیراز بابر اور دیگر شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا۔ ایپکس کمیٹی اجلاس میں شہداء کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی، کور کمانڈر لاہور بھی اس موقع پر موجود تھے جنہوں نے اداروں کی کارکردگی کو سراہا اور تسلی بخش قرار دیا۔ اجلاس کو عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے حکومت پنجاب کے سکیورٹی اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی اور بتایا گیا کہ کچے کے علاقے میں سوشل انفرا اسٹرکچر کے قیام کے لیے 93 منصوبے شروع کیے جارہے ہیں، کچے کے علاقے میں اسمارٹ پولیس اسٹیشنز اور پولیس چیک پوسٹس قائم کی جائیں گی، کچے کے علاقے میں 62 کروڑ روپے کی لاگت سے اسٹیل برج تعمیر کیا جائے گا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ کچے کے عوام کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے اسکل ڈیولپمنٹ منصوبے شروع کیے جارہے ہیں، پنجاب میں غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی باشندوں کے اخراج کو یقینی بنایا جارہا ہے۔

سندھ حکومت خصوصی بچوں کیلئے انقلابی اقدامات کر رہی ہے، شرجیل میمن

67 خصوصی تعلیمی اداروں میں 20 ہزار طلبہ زیر تعلیم، مفت تعلیم، فزیوتھراپی، اسپیچ تھراپی اور ماہانہ وظیفہ دیا جارہا ہے، سینئر وزیر سندھ

37 اسپیشل ایجوکیشن اینڈ ری ہیبلیٹیشن سینٹرز میں 49 جدید ڈیجیٹل کلاس رومز کا قیام اہم پیش رفت ہے، شرجیل انعام میمن کا بیان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ کے سینئر وزیر وصوبائی وزیر اطلاعات، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ سندھ حکومت خصوصی بچوں کی تعلیم، بحالی اور بااختیاری کیلئے انقلابی اقدامات کر رہی ہے، صوبے کے 67 خصوصی تعلیمی اداروں میں تقریباً 20 ہزار طلبہ زیر تعلیم ہیں، جہاں مفت تعلیم کے ساتھ بحالی، فزیوتھراپی، اسپیچ تھراپی، ٹرانسپورٹ اور ماہانہ 3 ہزار روپے وظیفہ فراہم کیا جارہا ہے۔ ایک بیان میں شرجیل انعام میمن نے کہا کہ 37 اسپیشل ایجوکیشن اینڈ ری ہیبلیٹیشن سینٹرز میں 49 جدید ڈیجیٹل کلاس رومز کا قیام اہم پیش رفت ہے، جن سے تقریباً 754 سماعت سے محروم طلبہ مستفید ہوں گے۔ ڈیجیٹل کلاس رومز میں اسمارٹ بورڈز، ای لرننگ ٹولز اور جدید تعلیمی سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے بھر میں 20 سیٹلائٹ اسکولز قائم کیے گئے ہیں، جن سے تقریباً 476 خصوصی بچوں کو تعلیمی مواقع میسر آئیں گے۔ ان اسکولز کا مقصد ایسے علاقوں تک تعلیم پہنچانا ہے جہاں خصوصی بچوں کی خصوصی تعلیمی مراکز تک رسائی محدود ہے۔ شرجیل میمن نے کہا کہ خصوصی بچوں ......بقیہ صفحہ 3 نمبر 7

بچے گرمی سے بچنے کے لیے کراچی میں نیٹی جیٹی پل کے قریب سمندر میں نہا رہے ہیں

پختون تو عورتوں کی عزت کرنے والے لوگ ہیں، ترجمان کے پی حکومت کے بیان پر ردعمل

لاہور (ویب ڈیسک) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے ترجمان کے پی حکومت کی جانب سے وزیراعلیٰ پنجاب سے متعلق ذومعنی بیان پر ردعمل دیتے ......بقیہ صفحہ 3 نمبر 8

قومی اسمبلی میں اضافی کفایت شعاری اقدامات نافذ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں فوری طور پر اضافی کفایت شعاری اقدامات نافذ کردیا گیا۔ اعلامیے کے مطابق قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے 50 فیصد ملازمین دفاتر اور 50 فیصد گھر سے کام کریں گے، ......بقیہ صفحہ 3 نمبر 41

کراچی میں ستمبر کی گرمی کا 9 سالہ ریکارڈ ٹوٹ گیا

کراچی (ویب ڈیسک) کراچی میں ستمبر کی گرمی نے 9 سالہ ریکارڈ توڑ دیا، شہر میں درجہ حرارت 40.7 ڈگری سینٹی گریڈ تک جا پہنچا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کراچی میں اس سے قبل ستمبر 2017 میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 40.5 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا تھا، تاہم رواں ماہ درجہ حرارت 40.7 ڈگری تک پہنچنے سے 9 سال پرانا ریکارڈ ٹوٹ گیا۔ محکمہ موسمیات کے ......بقیہ صفحہ 3 نمبر 42

2008 میں آخری موقع ختم ہونیوالے انٹر امیدواروں کو پھر امتحان دینے کی اجازت

کراچی (ویب ڈیسک) اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کراچی نے 2008 میں انٹرمیڈیٹ امتحانات میں شرکت کا آخری موقع ختم ہونے والے امیدواروں کو خصوصی فیس کے ساتھ ضمنی امتحانات 2026 میں شرکت کی اجازت دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ بورڈ کے مطابق سندھ بورڈز کمیٹی آف چیئرمین کے 5 مارچ 2018 کے اجلاس میں 2008 میں آخری موقع ختم ہونے والے انٹر کے امیدواروں کو مزید ......بقیہ صفحہ 3 نمبر 44

بچوں نے لاہور کے جناح فیملی پارک میں سواریوں کا لطف اٹھایا

قومی اداروں کو مربوط نظام میں لایا جائے، مصدق ملک

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی رابطہ کاری ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ گلیشیئرز کی نگرانی، موسمیاتی ڈیٹا، ارلی وارننگ سسٹم، سیٹلائٹ معلومات اور ڈیزاسٹر مینجمنٹ سے متعلق تمام قومی ......بقیہ صفحہ 3 نمبر 43

ریلویز پولیس کی ٹکٹ چیکنگ نظام میں تبدیلی کی خبروں کی تردید

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان ریلویز پولیس نے ٹکٹ چیکنگ کے نظام میں تبدیلی سے متعلق میڈیا پر گردش کرنے والی خبروں کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹکٹ چیکنگ کے نظام میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی۔ ترجمان ریلویز پولیس کے مطابق ریلویز پولیس بغیر ٹکٹ مسافروں کے خلاف ازخود یا یکطرفہ کارروائی نہیں کر رہی بلکہ جاری کردہ ایس او پی کے تحت کمرشل ......بقیہ صفحہ 3 نمبر 40

پاکستان اور چین کی دوستی ہر آزمائش میں ثابت قدم رہی ہے، گورنر سندھ سید نہال ہاشمی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے عوامی جمہوریہ چین کے 77 ویں یوم تاسیس کے سلسلے میں چینی قونصلیٹ کراچی میں منعقدہ تقریب سے بطور ......بقیہ صفحہ 3 نمبر 5

اقوام متحدہ کی ایران جنگ ختم کرانے کیلئے پاکستان سے رابطے کی تصدیق

امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات کا دوبارہ آغاز جنگ کے خاتمے کی جانب پیش رفت میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے، ترجمان

اقوام متحدہ اس سے قبل بھی امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی اور مذاکراتی عمل کی حمایت کرچکا ہے، جاری رپورٹ

نیویارک (ویب ڈیسک) اقوام متحدہ نے امریکا اور ایران کے درمیان جاری جنگ ختم کرانے کی کوششوں میں پاکستان کے ساتھ رابطے کی تصدیق کردی ہے۔ اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس کے ترجمان اسٹیفن دوجارک نے بتایا کہ انہوں نے اس معاملے پر پاکستانی حکام سے رابطہ کیا ہے۔ اسٹیفن دوجارک نے جون میں امریکا اور ایران کے درمیان طے ......بقیہ صفحہ 3 نمبر 1

شہید پولیس اہلکار کے گھر ویلفیئر برانچ انچارج کی حاضری

کراچی (ویب ڈیسک) انچارج ویلفیئر برانچ کراچی پولیس آفس انسپکٹر شرافت خان نے سب انسپکٹر محمد شاہد اور پولیس کانسٹیبل دانش کے ہمراہ دوران ڈیوٹی شہید ہونے والے پولیس کانسٹیبل اویس تنولی کے گھر جا کر ان کے ......بقیہ صفحہ 3 نمبر 10

سندھ کی مزید 2 جامعات کے وائس چانسلرز کی مدت ملازمت میں 4 سال توسیع

اروڑ یونیورسٹی کے ڈاکٹر زاہد حسین کھنڈ اور شہید اللہ بخش سومرو یونیورسٹی کی ڈاکٹر اربیلا بھٹو کی توسیع بھی منظور

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ کی سرکاری جامعات کے وائس چانسلرز کی مدت ملازمت میں توسیع کا سلسلہ جاری ہے، لیاقت یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز جامشورو کے وائس چانسلر ڈاکٹر اکرام الدین اجن کے بعد اروڑ یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر زاہد حسین کھنڈ اور شہید اللہ بخش سومرو یونیورسٹی آف آرٹ، ڈیزائن اینڈ ہیریٹیج جامشورو کی وائس چانسلر ڈاکٹر اربیلا بھٹو کی مدت ملازمت میں مزید 4 سال کی توسیع کی منظوری دے دی گئی۔ ذرائع کے مطابق ......بقیہ صفحہ 3 نمبر 2

ورچوئل اثاثہ صارفین کی تعداد 4 کروڑ سے تجاوز کرچکی، بلال بن ثاقب

نیویارک (ویب ڈیسک) چیئرمین پاکستان ورچوئل ایسٹ ریگولیٹری اتھارٹی بلال بن ثاقب نے کہا ہے کہ پاکستان میں ورچوئل اثاثہ صارفین کی تعداد 4 کروڑ سے تجاوز کرچکی ہے۔ اقوام متحدہ کے سوشل برنس، یوتھ اینڈ ......بقیہ صفحہ 3 نمبر 3

میر رضا کیس: ڈاکٹر سمعیہ اور ڈاکٹر اسامہ کی مبینہ آڈیو سامنے آگئی

پوسٹ مارٹم رپورٹ کے معاملے پر گفتگو، ڈاکٹر سمعیہ کی ڈاکٹر اسامہ کو یقین دہانی

کراچی (ویب ڈیسک) میر رضا کیس میں پولیس سرجن ڈاکٹر سمعیہ اور ایم ایل او ڈاکٹر اسامہ کے درمیان گفتگو کی مبینہ آڈیو سامنے آگئی۔ مبینہ آڈیو گفتگو میں ڈاکٹر سمعیہ نے ڈاکٹر اسامہ کو پوسٹ مارٹم رپورٹ کے حوالے سے مختلف معاملات پر یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے کہا کہ رپورٹ ڈاکٹر اسامہ کے نام پر آئے گی، رپورٹ ملتے ہی وہ اسے جاری کردیں گے اور رپورٹ کا ہر لفظ دونوں مل کر تیار کریں گے۔ مبینہ گفتگو میں ڈاکٹر سمعیہ نے کہا کہ رپورٹ تیار کرنے کے بعد ......بقیہ صفحہ 3 نمبر 4

صدر، کراچی میں قیمتوں میں اضافے کے باعث سیکنڈ ہینڈ کتابوں کی فروخت میں اضافہ ہوا

ایف بی آر نے ضبط اشیا کی نیلامی کا طریقہ کار متعارف کروادیا

متعلقہ کلکٹر کی منظور شدہ ٹائم لائن کے مطابق بولی دہندگان کے معائنے کے لیے دستیاب ہوں گی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے کسٹمز حکام کی جانب سے ضبط کی جانیوالی اشیا کی نیلامی کا طریقہ کار متعارف کروادیا ہے۔ نیلامی میں شامل اشیا بولی کی تاریخ سے قبل متعلقہ کلکٹر کی منظور شدہ ٹائم لائن کے مطابق بولی دہندگان کے معائنے کے لیے دستیاب ہوں گی۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے کسٹمز رولز 2001 میں مزید ترامیم کا نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے، جس میں بتایا گیا کہ نیلامی میں شامل اشیا بولی کی تاریخ سے قبل متعلقہ کلکٹر کی ......بقیہ صفحہ 3 نمبر 9

مقامی حکومت کا محکمہ، نیلا گنبد، لاہور میں پارکنگ پلازہ ترقیاتی منصوبے کی نگرانی کرتا ہے

مصطفیٰ کمال، خالد مقبول، فاروق ستار ایک یونین کونسل بھی نہیں جیت سکتے، سعید غنی

ایم کیو ایم سیاسی دہشت گردی نہ کرے، گزشتہ روز نکالی گئی ریلی کو عوام نے مسترد کردیا، ایک وقت تھا جب ان کے اشارے پر شہر بند ہوجاتا تھا

عام انتخابات میں ایم کیو ایم نے کوئی قومی یا صوبائی نشست نہیں جیتی، میں نام نہیں لوں گا لیکن جانتا ہوں کہ انہیں کس طرح نشستیں دلوائی گئیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر محنت و افرادی قوت و سماجی تحفظ سندھ و صدر پیپلز پارٹی کراچی سعید غنی نے کہا ہے کہ کراچی کسی ایک جماعت یا زبان بولنے والوں کا شہر نہیں، یہ تمام قومیتوں اور زبانوں سے تعلق رکھنے والے شہریوں کا شہر ہے، ایم کیو ایم کو سیاسی دہشت گردی کی اجازت نہیں دیں گے، آج ایم کیو ایم کی کوئی سیاسی حیثیت نہیں اور مصطفیٰ کمال، خالد مقبول صدیقی یا فاروق ......بقیہ صفحہ 3 نمبر 11

اسحاق ڈار کا فلسطینی کاز اور عوام کیلئے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ

پاکستان اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس اور تمام متعلقہ فورمز پر اس مسئلے کو بھرپور انداز میں اٹھاتا رہے گا

نیویارک (ویب ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے فلسطینی کاز اور فلسطینی عوام کے لیے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس اور تمام متعلقہ فورمز پر اس مسئلے کو بھرپور انداز میں اٹھاتا رہے گا۔ پیر کو وزارت خارجہ کے ترجمان کے دفتر کی جانب سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹرز میں اقوام متحدہ کے لیے فلسطین کے مستقل مبصر سفیر ریاض ......بقیہ صفحہ 3 نمبر 23

کوئٹہ: موٹرسوار حفاظتی اقدامات کے بغیر اوورلوڈ پائپ لے جاتے ہوئے

دو ماہ میں پاکستان نے ایک ارب 70 کروڑ ڈالر بیرونی قرض لیا

بیرونی قرضوں میں 23.6 فیصد اضافہ، جولائی تا اگست حاصل رقم 476 ارب روپے کے مساوی رہی، دستاویز

کراچی (ویب ڈیسک) رواں مالی سال کے پہلے دو ماہ کے دوران پاکستان نے ایک ارب 70 کروڑ ڈالر کا بیرونی قرض حاصل کیا، جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 23.6 فیصد زیادہ ہے۔ اقتصادی امور ڈویژن کی دستاویز کے مطابق گزشتہ مالی سال جولائی تا اگست کے دوران پاکستان کو ایک ارب 37 کروڑ ڈالر کی بیرونی مالی معاونت حاصل ہوئی تھی، جبکہ رواں مالی سال کے پہلے دو ماہ میں حاصل ہونے والا قرض 476 ارب روپے کے مساوی ہے۔ گزشتہ سال ......بقیہ صفحہ 3 نمبر 12

شدید گرمی نے کوئٹہ میں گنے کے رس کی فروخت کو بڑھا دیا

سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ نے انٹر کا نیا نصاب جاری کردیا

جام شورو (ویب ڈیسک) سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ جامشورو نے تعلیمی سال 2026-27 کیلئے گیارہویں اور بارہویں جماعت کا نیا نصاب جاری کردیا، نئی درسی کتب اور پریکٹیکل جرنلز بھی شائع کردیے گئے ہیں۔ اعلامیے ......بقیہ صفحہ 3 نمبر 24

گھی اور کوکنگ آئل کی کم از کم ریٹیل قیمتیں مقرر کردی گئیں

اسلام آباد (ویب ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے گھی اور کوکنگ آئل سیکٹر میں مبینہ ٹیکس چوری روکنے اور پوری صلاحیت کے مطابق ٹیکس وصولی یقینی بنانے کیلئے گھی اور کوکنگ آئل کی کم از کم ریٹیل قیمتیں مقرر کردی ہیں آئندہ کوکنگ آئل اور گھی مینوفیکچررز سے اس ......بقیہ صفحہ 3 نمبر 33

کراچی: جوناکلری کے علاقے میں شہریوں کو پانی کی قلت کا سامنا ہے

میٹرک بورڈ نے 2024 کے (پکا) سرٹیفکیٹ جاری کرنے کا اعلان کردیا

طلباء وطالبات اپنے اسکولوں سے ہی سرٹیفکیٹ حاصل کرسکیں گے، چیئرمین بورڈ پروفیسر مشرف علی راجپوت

کراچی (ویب ڈیسک) ثانوی تعلیمی بورڈ کراچی نے میٹرک سائنس و جنرل گروپ سالانہ امتحانات 2024 کے (پکا) سرٹیفکیٹ 28 ستمبر 2026 سے جاری کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ چیئرمین بورڈ پروفیسر مشرف علی راجپوت کے مطابق طلباء وطالبات کے سرٹیفکیٹ ان کی درسگاہوں کو جاری کئے جارہے ہیں تمام طلباء وطالبات اپنے اپنے اسکولوں سے ہی سرٹیفکیٹ حاصل کرسکیں گے۔ انہوں نے اسکولوں کے سربراہان سے کہا ہے کہ وہ اپنے با اختیار نمائندے یا سینئر ......بقیہ صفحہ 3 نمبر 22

کراچی، کھارادر میں ڈکیتی کے دوران شہری کے قتل کا ملزم گرفتار

ملزم کے قبضے سے پستول، موٹرسائیکل اور 3 لاکھ روپے برآمد، ساتھی کی گرفتاری کیلئے کارروائیاں جاری

کراچی (ویب ڈیسک) ساؤتھ زون پولیس نے کھارادر میں ڈکیتی کے دوران شہری کے قتل میں ملوث ملزم محمد فیصل کو گرفتار کرلیا، جبکہ واردات میں ملوث اس کے ساتھی شاہ فیصل کی گرفتاری کیلئے کارروائیاں جاری ہیں۔ پولیس کے مطابق 9 ستمبر کو معین اختر اپنے بیٹے کے ہمراہ کمپنی کا چیک کیش کرا کے واپس جارہے تھے کہ موٹر سائیکل سوار 2 مسلح ملزمان نے ان سے رقم چھیننے کی کوشش کی۔ مزاحمت پر ملزمان نے فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں معین اختر شدید زخمی ......بقیہ صفحہ 3 نمبر 13

محمد رضوان کو پریزیڈنٹ ٹرافی کھیلنے سے کیوں روکا گیا؟ اندرونی کہانی سامنے آگئی



اسلام آباد (ویب ڈیسک) قومی ٹیم کے سابق کپتان، وکٹ کیپر اور بیٹر محمد رضوان کو کرکٹ ایونٹ کھیلنے سے کیوں روکا گیا؟ اندرونی کہانی سامنے آگئی۔ محمد رضوان کو پریزیڈنٹ ٹرافی کیوں نہیں کھیلنے دی گئی؟ ذرائع کے مطابق ڈومیسٹک کرکٹ نہ کھیلنے کی وجہ رضوان کا فٹنس ٹیسٹ نہیں بلکہ انکوائری ہے۔ ذرائع کے مطابق پی سی بی نے رضوان کو مینٹل کرکٹ ......بقیہ صفحہ 3 نمبر 18

حیدرآباد: اکاؤنٹنٹ جنرل سندھ میانداد راہوجو کی کھلی کچہری

حیدرآباد (بیورو) اکاؤنٹنٹ جنرل سندھ میانداد راہوجو نے ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس حیدرآباد میں کھلی کچہری کی صدارت کرتے ہوئے پنشن، تنخواہوں اور اکاؤنٹس سے متعلق عوامی شکایات سنیں اور متعلقہ افسران کو جائز ......بقیہ صفحہ 3 نمبر 14

مفاہمت اور مکالمے سے سیاسی و معاشی استحکام آئیگا، چودھری سرور

لاہور (ویب ڈیسک) سابق گورنر پنجاب چودھری سرور نے کہا ہے کہ پاکستان کو موجودہ سیاسی، معاشی اور سماجی بحرانوں سے نکالنے کے لیے مفاہمت، مکالمے اور باہمی اعتماد کی اشد ضرورت ہے۔ چودھری سرور نے کہا ......بقیہ صفحہ 3 نمبر 16

وزیر بلدیات سندھ کی شہر میں خصوصی صفائی مہم شروع کرنے کی ہدایت

شہر میں صفائی کی صورتحال میں بہتری نظر آرہی ہے، تاہم نظام کو مزید بہتر بنانے کی ضرورت ہے، ناصر شاہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر بلدیات سندھ سید ناصر حسین شاہ نے شہر میں جاری صفائی آپریشن کا جائزہ لیتے ہوئے خصوصی صفائی مہم شروع کرنے کی ہدایت کردی۔ انہوں نے کہا ہے کہ مہم کے دوران کچرے کے ساتھ تعمیراتی و دیگر ملبہ بھی مکمل طور پر صاف ......بقیہ صفحہ 3 نمبر 15

ریجنل ڈائریکٹر خان محمد زرداری کی اکاؤنٹس آفس میں کھلی کچہری

نوشہرو فیروز (بیورو رپورٹ) صوبائی محتسب نوشہرو فیروز کے ریجنل ڈائریکٹر خان محمد زرداری نے آج ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس نوشہرو فیروز میں ایک کھلی کچہری کی صدارت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے محتسب اعلیٰ سندھ کے ......بقیہ صفحہ 3 نمبر 21

انمول پنکی کے خلاف ضمنی چالان پیش نہ ہوسکا، عدالت برہم

کراچی (ویب ڈیسک) سٹی کورٹ کی سیشن عدالت جنوبی میں ملزمہ انمول عرف پنکی اور دیگر کے خلاف قتل بالسبب اور منشیات کے مقدمات کی سماعت ہوئی، تاہم پولیس کوکین کوئن انمول عرف پنکی کے خلاف منشیات کے مقدمے ......بقیہ صفحہ 3 نمبر 20

ایک دن کیلئے پولیس افسر بنی تو زیادتی کے تمام مجرموں کو پھانسی چڑھا دوں گی، اداکارہ زارا نور عباس

کراچی (ویب ڈیسک) سندھ فلمز اور جیو فلمز کے اشتراک سے بننے والی فلم شیروز تین کہانیوں کا مجموعہ ہے جس میں تین مختلف خواتین کی کہانی بیان کی گئی ہے، اس فلم کے ایک حصے گیر اپ میں زارا نور عباس مرکزی کردار ادا کررہی ہیں جس کے ہدایت کار ثاقب خان ہیں۔ سات سال بعد بڑے پردے پر واپس آنے والی اداکارہ زارا نور عباس فلم کے ......بقیہ صفحہ 3 نمبر 19

پیپلز بس سروس کی متعدد بسیں خراب، پانی ملے ڈیزل کی فراہمی کا انکشاف

ٹاور تا گلشن حدید روٹ کی 11 سے زائد بسیں انجن فیل ہونے کے باعث ڈپو پہنچا دی گئیں، مسافروں کو شدید مشکلات

ایک نجی ٹھیکیدار کی جانب سے اپنے پٹرول پمپ سے بسوں کو ڈیزل فراہم کیا جارہا تھا، ڈیزل کے معیار میں خرابی کے باعث انجن متاثر ہوئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پیپلز بس سروس کی متعدد بسیں اچانک روٹس سے غائب ہونے کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، ذرائع نے دعویٰ کیا ہے کہ بسوں میں پانی ملا ڈیزل فراہم کیے جانے کے نتیجے میں کئی گاڑیاں خراب ہوئی ہیں۔ ذرائع کے مطابق ایک نجی ٹھیکیدار کی جانب سے اپنے پٹرول پمپ سے بسوں کو ڈیزل فراہم کیا جارہا تھا، تاہم ڈیزل کے معیار ......بقیہ صفحہ 3 نمبر 17